AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 | ہفتہ 23 جمادی الثانی 1445ھ 6 جنوری 2024ء 23 پوہ 2079ب | شمارہ نمبر 213

الیکشن کمیشن نے 11 ہزار پولیس اہلکاروں کی بھرتی کی اجازت دیدی

محسن نقوی

وزیراعلیٰ محسن نقوی کی پنجاب کابینہ کے ہمراہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ آمد، 4 گھنٹے طویل اجلاس، 40 ترجیحی منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا

پراجیکٹس کی بروقت تکمیل سے نہ صرف قومی وسائل کی بچت ہوتی ہے بلکہ عوام کو بھی فوری ثمرات ملتے ہیں، پوری ٹیم یکجان ہوکر آگے بڑھے: نگران وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی پنجاب کابینہ کے ہمراہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ آمد۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت 4 گھنٹے طویل اجلاس، جس میں صوبائی وزراء کے ہمراہ فلاح عامہ کے 40 ترجیحی منصوبوں پر ہونیوالی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر 64)

پاکستان یا دنیا میں کسی ایک امیدوار یا پارٹی پر دوسرے کو اہمیت نہیں دیتے، امریکا

پاکستان کے مستقبل کی قیادت کا فیصلہ پاکستانی عوام کو کرنا ہے، امریکی ترجمان کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے کہا ہے کہ پاکستان کے مستقبل کی قیادت کا فیصلہ پاکستانی عوام کو کرنا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ امریکا پاکستان یا دنیا میں کہیں بھی کسی ایک امیدوار یا پارٹی کو اہمیت نہیں دیتا، امریکا کی دلچسپی جمہوری عمل (بقیہ نمبر45)

پاکستان جموں و کشمیر کا مقدمہ لڑے گا

نگران وزیراعظم

نگران وزیراعظم سے امریکہ میں پاکستانی سفیر اور برطانیہ میں ہائی کمشنر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو، بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لئے روڈشوز کا انعقاد کیا جائے اور سمندر پار پاکستانیوں کو سرمایہ کاری کی ترغیب دی جائے، وزیراعظم

نگران وزیراعظم سے امریکہ میں پاکستانی سفیر اور برطانیہ میں ہائی کمشنر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو، بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لئے روڈشوز کا انعقاد کیا جائے اور سمندر پار پاکستانیوں کو سرمایہ کاری کی ترغیب دی جائے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ 5 جنوری کا دن کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کا اعادہ ہے، ساڑھے سات دہائیاں گزرنے کے باوجود بھارت کے غیر قانونی طور پر زیر تسلط جموں وکشمیر کے مظلوم عوام اس بنیادی حق کا استعمال نہیں کر سکے، جس کے تحت تنازعہ کشمیر استصواب رائے سے حل کیا جانا تھا، پاکستان بہادر کشمیری عوام کی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کے ناقابل تنسیخ حق سمیت ان کے حقوق کی منصفانہ جدوجہد میں ان کی مکمل سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یوم حق خود ارادیت کے (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی: وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی پولیس سٹیشن اپ گریڈیشن پراجیکٹ کے تحت راولپنڈی میں تھانہ صدر بیرونی کا افتتاح کر رہے ہیں

شہباز شریف کے کاغذات نامزدگی منظور اور حماد اظہر کے مسترد کرنے پر جواب طلب

بانی پی ٹی آئی کے کاغذات مسترد کرنے، مریم نواز کے منظور کرنے کیخلاف اپیلوں پر سماعت آج ہوگی

لاہور (این این آئی) اپیلٹ ٹربیونل نے مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کے کاغذات نامزدگی منظور اور رہنما تحریک انصاف حماد اظہر کے مسترد کرنے کے خلاف درخواست پر آر اوز سے جواب طلب کر لیا۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے (بقیہ نمبر39)

ٹانک میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 2 دہشت گرد ہلاک

مارا گیا دہشت گرد گل یوسف دہشت گردی کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) ضلع ٹانک میں خفیہ اطلاع پر سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 2 دہشت گرد مارے گئے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن میں گل یوسف عرف طور سمیت 2 دہشت گرد مارے گئے۔ آپریشن 4 اور 5 جنوری کی رات دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مارا گیا دہشت گرد گل یوسف دہشت گردی کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھا۔ گل یوسف ٹانک اور ڈی آئی خان میں دہشت گرد حملوں سمیت بے گناہ شہریوں کے قتل اور بھتہ خوری میں ملوث تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انتہائی مطلوب دہشت گرد گل یوسف کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر تھی۔ ترجمان کے (بقیہ نمبر26)

عام انتخابات: امن و امان کا قیام برقرار رکھنے کیلئے پنجاب میں دفعہ 144 نافذ

الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری ہونے والے ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی پر قانون کے مطابق بلاتفریق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی سے متعلق رپورٹ باقاعدگی سے بھجوائی جائے۔ چیف سیکرٹری

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری ہونے والے ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے یہ ہدایت عام انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کی۔ سیکرٹری داخلہ اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی (بقیہ نمبر41)

کورنگی میں ملزمان کی گھر میں گھس کر فائرنگ، ماں بیٹی جاں بحق

جاں بحق خواتین کی شناخت 22 سالہ ریما اور 50 سالہ ممتاز کے نام سے ہوئی، مقتولہ عملیات کا کام کرتی تھی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کورنگی ابراہیم حیدری میں ملزمان نے گھر میں گھس کر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ماں اور بیٹی جاں بحق ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی کے علاقے ابراہیم حیدری میں ملزمان ایک گھر میں داخل ہوئے اور فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر48)

آئی جی سندھ کا پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن کراچی میں قائم "پولیس عجائب گھر" کا دورہ

عجائب گھر میں موجود پولیس بالخصوص سندھ پولیس کی تاریخ کا مختلف حوالوں پر مشتمل معلومات کی ذریعہ بریفنگ آگاہی لی

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ رفعت مختار راجہ نے سندھ پولیس کی جانب سے پولیس ہیڈکوارٹرز جنوبی کراچی میں قائم پاکستان کے پہلے "سندھ پولیس عجائب گھر" کا دورہ کیا اور عجائب گھر میں موجود پولیس بالخصوص سندھ پولیس کی تاریخ کا مختلف حوالوں پر مشتمل (بقیہ نمبر47)

مجھ پر جرمانہ لگانے اور پگڑی اچھالنے والوں کا سود سمیت احتساب ہوگا، فیصل واوڈا

فیصل واوڈا کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کے میاں نواز شریف اور دیگر ماشا اللہ سے اہل ہونے جا رہے ہیں

کراچی (این این آئی) سابق سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ مجھ پر جرمانہ لگانے اور پگڑی اچھالنے والوں کا سود سمیت احتساب ہوگا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں فیصل واوڈا نے کہا کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے اور کسی کا نہیں۔ بھولا میں نہیں ہوں (بقیہ نمبر46)

لاہور میں آتشزدگی، ہنستا بستا گھر ویران، 4 بہن بھائی جھلس کر جاں بحق، وزیراعلیٰ کا اظہار افسوس

جاں بحق بچوں کی شناخت 12 سالہ ایمان فاطمہ، 8 سالہ نور فاطمہ، 5 سالہ ابراہیم اور 2 سالہ اسماعیل کے نام سے ہوئی

گرین ٹاؤن میں ایک گھر میں سلنڈر دھماکا، 2 بچوں سمیت تین افراد جھلس کر زخمی ہوگئے، طبی امداد کے لئے جناح ہسپتال منتقل

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ اچھرہ میں گھر میں آگ لگنے کے واقعے میں 4 بہن بھائی جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بدقسمت خاندان اچھرہ میں چوک بابا اعظم کے قریب رہائشی عمارت کی چوتھی منزل پر ایک چھوٹے سے کرائے کے گھر میں رہتا تھا، جاں بحق ہونے والے بچوں کا باپ نانبائی ہے جو صبح سویرے کام پر چلا گیا تھا۔ جاں بحق بچوں کی ماں لوگوں کے گھروں میں کام کرتی ہے، کمرے میں گیس س (بقیہ نمبر61)

شیر افضل مروت نے سینیٹ کی قرارداد کو آئین پر حملہ قرار دیدیا

سینیٹ میں آئین کو پامال کیا گیا ہے، آئین میں کوئی شق ہی نہیں کہ انتخابات ملتوی ہوں، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ سینیٹ میں عام انتخابات ملتوی کرنے کی قرارداد منظور کرنا آئین پر حملہ ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ سینیٹ میں آئین کو پامال کیا گیا ہے، آئین میں کوئی شق ہی نہیں کہ انتخابات (بقیہ نمبر27)

سزائے موت پانے کے سبب معطل جج کے 10 سال سے تنخواہ و مراعات لینے کا انکشاف

معطل سیشن جج سکندر لاشاری سیشن جج خالد شاہانی کے بیٹے کے قتل کے الزام میں 2014ء میں گرفتار ہوا تھا

کراچی (این این آئی) قتل کیس میں سزائے موت کے سبب قید معطل سیشن جج کے 10 سال سے تنخواہ اور مراعات لینے کا انکشاف ہوا ہے۔ معطل سیشن جج سکندر لاشاری سیشن جج خالد شاہانی کے بیٹے کے قتل کے الزام میں 2014ء میں گرفتار ہوا تھا۔ معطل جج سکندر لاشاری کو اے ٹی سی نے (بقیہ نمبر28)

اسلام آباد: نگران وزیر مذہبی امور انیق احمد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سینیٹ میں مسلم لیگ (ن) کے وفات پانے والے رہنما سرتاج عزیز کے لئے دعا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں مسلم لیگ (ن) کے وفات پانے والے رہنما (بقیہ نمبر25)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے مشترکہ مفادات کونسل کی تشکیلِ نو کی منظوری دے دی، وزیراعظم چیئرمین ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے مشترکہ مفادات کونسل کی تشکیلِ نو کی منظوری دے دی، وزیرِ اعظم (بقیہ نمبر 24)

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اسٹارٹ اپ فنڈ 9 جنوری کو لانچ کر دیا جائے گا، ڈاکٹر عمر سیف

پاکستان کے نوجوانوں میں بہت زیادہ پوٹینشل ہے، پاکستان دنیا کی دوسری بڑی آن لائن ورک فورس ہے

، پچھلے چار سالوں میں پاکستانی اسٹارٹ اپس میں تقریباً 800 ملین ڈالرز بیرونی سرمایہ کاری ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عمر سیف نے کہا ہے کہ پاکستان اسٹارٹ اپ فنڈ کی لانچنگ 9 جنوری کو کر دی جائے گی۔ نجی ٹی وی چینلز سے گفتگو میں ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں میں بہت زیادہ پوٹینشل ہے، پاکستان دنیا کی دوسری بڑی آن لائن ورک فورس ہے، پچھلے چار سالوں میں پاکستانی اسٹارٹ اپس میں تقریباً 800 ملین ڈالرز بیرونی سرمایہ کاری ہوئی۔ انہوں نے کہا

نواز شریف کو ریلیف نہیں انصاف ملا، ان کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی، جس کا ازالہ ہوا ہے، نہال ہاشمی

آئینی اور جمہوری تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں، آئین اور جمہوریت کی بالادستی اہم ہے، رہنما ن لیگ

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ نواز شریف کو ریلیف نہیں انصاف ملا ہے، ان کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی، جس کا ازالہ ہوا ہے، آئینی اور جمہوری تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں، آئین اور جمہوریت کی بالادستی اہم ہے (بقیہ نمبر29)

عامر طفیل کو سوئی ناردرن کا مینیجنگ ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن بورڈ آف ڈائریکٹرز نے جمعے کو ہونے والی بورڈ میٹنگ میں عامر طفیل کو اگلے تین برس کے لیے سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا مینیجنگ (بقیہ نمبر22)

چیئرمین پی سی بی ذکاء اشرف کی تفصیلات سینیٹ میں پیش

ذکاء اشرف کے مشغلے میں کرکٹ، زراعت، ریسرچ اور ڈیولپمنٹ ہے، تحریری جواب

اسلام آباد (این این آئی) موجودہ چیئرمین پی سی بی ذکاء اشرف کی تفصیلات سینیٹ میں پیش کر دی گئیں۔ جمعہ کو سینیٹ کے اجلاس میں وزارتِ بین الاصوبائی رابطہ نے اس ضمن میں تحریری جواب پیش کیا جس میں بتایا گیا کہ ذکاء اشرف ایک معروف بزنس مین ہیں اور اس وقت (بقیہ نمبر 30)

آئی ایم ایف کی تجاویز پر عمل جاری، ایف بی آر کی تنظیم نو کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر سے متعلق آئی ایم ایف کی تجاویز پر اہم پیشرفت (بقیہ نمبر21)

لاہور: بلاول بھٹو زرداری حلقہ این اے 127 کوٹ لکھپت میں ذوالفقار علی بھٹو کی یوم پیدائش کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے شاہ محمود قریشی اور حلیم عادل کو الیکشن لڑنے کی اجازت مل گئی

پی پی کے مرزا اختیار بیگ کو بھی مشروط الیکشن لڑنے کی اجازت، این اے 241 سے پی ٹی آئی امیدوار ارسلان خالد کی اپیل منظور

کراچی (این این آئی) عام انتخابات میں حصہ لینے کے لئے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کو بڑا ریلیف مل گیا ہے، کیوں کہ الیکشن ٹربیونل سندھ نے شاہ محمود قریشی اور ان کے صاحبزادے زین قریشی (بقیہ نمبر23)

لاہور: نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کی مخالفت کرتا ہوں، قادر خان مندوخیل

پی ٹی آئی کو بھی دیگر جماعتوں کا درجہ ملنا چاہئے، رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما قادر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تحریک انصاف سے انتخابی نشان لینے کے فیصلے کی حمایت نہیں کر سکتے، پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کی مخالفت کرتا ہوں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رہنما قادر خان مندوخیل نے (بقیہ نمبر20)

نیب نے سابق وفاقی وزیر مراد سعید کے خلاف نئی انکوائری شروع کر دی

عام انتخابات کے لیے مراد سعید نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے جسے مسترد کر دیا گیا

سوات (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے سابق وفاقی وزیر مراد سعید کے خلاف نئی انکوائری شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق نیب نے تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر مراد سعید کیخلاف نئی انکوائری شروع کر دی ہے اور اس حوالے سے نیب نے الیکشن کمیشن کو (بقیہ نمبر43)

ہمارے دور میں آٹھ آنے ادویات مہنگی نہیں ہوئیں، وزیر صحت

کسی کے پاس ثبوت ہیں تو لائیں ہم انکوائری کرینگے، ڈاکٹر ندیم جان

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کو بتایا گیا ہے کہ ہمارے دور میں آٹھ آنے ادویات مہنگی نہیں ہوئیں، کسی کے پاس ثبوت ہیں تو لائیں ہم انکوائری کرینگے۔ جمعہ کو وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ ادویات کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے، ادویات کی قیمتیں (بقیہ نمبر18)

پنجاب میں شدید دھند کے باعث 25 پروازیں منسوخ

شدید موسمی خرابی کی وجہ سے 4 دن میں 150 پروازیں منسوخ 300 متاثر ہوچکی ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں شدید دھند کے باعث 25 پروازیں منسوخ کر دی گئیں، پشاور کی تمام پروازیں ری شیڈول ہوئیں۔ ایئر پورٹ شیڈول کے مطابق شدید موسمی خرابی کی وجہ سے 4 دن میں 150 پروازیں منسوخ جبکہ 300 متاثر ہو چکی ہیں۔ ایئر پورٹ حکام کے (بقیہ نمبر40)

ایبٹ آباد، نواز شریف کے کاغذات پر اعتراض، سماعت 8 جنوری تک ملتوی

ایبٹ آباد (این این آئی) ایبٹ آباد میں مسلم لیگ (ن) کے قائد، سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کے کاغذاتِ نامزدگی پر اعتراض (بقیہ نمبر50)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب منیر اکرم ملاقات کر رہے ہیں

انتخابات وقت پر ہوں گے، گالم گلوچ کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے

بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو ان کے یوم ولادت پر خراج عقیدت پیش کیا

قائد عوام صرف ایک فرد یا کسی ایک جماعت کے لیڈر نہیں، شہید بھٹو کا ہر قدم سیاسی دوراندیشی اور پاکستان سے وابستگی کا مظہر ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پی پی شہید بھٹو کے منشور روٹی، کپڑا اور مکان پر عمل کرے گی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو ان کے یوم ولادت پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ قائد عوام صرف ایک (بقیہ نمبر60)

مسلم لیگ (ن) کی فیصلہ سازی اب نواز شریف کے ہاتھ میں نہیں رہی، سردار مہتاب

جماعت کی نئی قیادت قائد مسلم لیگ (ن) کو سمجھوتہ کرنے پر مجبور کیے ہوئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سابق رہنما و سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سردار مہتاب نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی فیصلہ سازی اب نواز شریف کے ہاتھ میں نہیں رہی۔ امریکی نشریاتی ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف (بقیہ نمبر 4)

نگران وزیراعظم سے وزیر مواصلات کی ملاقات، متعلقہ وزارتوں کے مختلف امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے نگران وزیرِ مواصلات (بقیہ نمبر3)

پاکستان میں بیرون ملک سے آنیوالوں کی کووڈ ٹیسٹنگ شروع

قومی ادارہ برائے صحت نے بارڈر ہیلتھ سروسز ڈپارٹمنٹ کو کووڈ ٹیسٹنگ کٹس فراہم کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی ادارہ برائے صحت نے بارڈر ہیلتھ سروسز ڈپارٹمنٹ کو کووڈ ٹیسٹنگ کٹس فراہم کر دیں۔ وفاقی وزارت صحت کے حکام کے مطابق بارڈر ہیلتھ سروسز ڈپارٹمنٹ (بقیہ نمبر7)

سعودی پرنس محمد بن سلمان کے دورہ پاکستان کے بعد 4 ہزار 130 پاکستانی قیدی رہا ہوئے، سینٹ کو آگاہی

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے کراؤن پرنس محمد بن سلمان کے دورہ پاکستان (بقیہ نمبر5)

حکومت پاکستان کے الیکٹرک کے ساتھ معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں

آر او کا فیصلہ کالعدم، عمران خان کے وکیل کے کاغذاتِ نامزدگی منظور

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل نعیم پنجوتھہ کے سرگودھا سے کاغذات نامزدگی منظور ہوگئے اس حوالے سے ٹربیونل نے ریٹرننگ افسر کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ اپیلیٹ ٹربیونل کے جج اسجد جاوید گھرال نے اپیل پر سماعت کی تھی۔ بانی پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان (بقیہ نمبر6)

لاہور میں سال کا سرد ترین دن ریکارڈ، درجہ حرارت 5 ڈگری سے بھی کم ہوگیا

آئندہ 3 روز تک بارش کا کوئی امکان نہیں، آئندہ 24 گھنٹے موسم سرد اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) پنجاب شدید سردی اور فوگ کی لپیٹ میں ہے جبکہ لاہور کا درجہ حرارت 5 ڈگری سے بھی کم ہوگیا، موسم کی تبدیلی کے باعث بیماریاں بڑھنے لگیں۔ صوبے بھر کے میدانی علاقے شدید سردی، فوگ اور اسموگ کی لپیٹ میں ہیں۔ سردی کی جما دینے والی لہر کے (بقیہ نمبر42)

کشمیریوں کو حق خودارادیت کی فراہمی تک جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہوگا، منیر اکرم

ہم کشمیری عوام کی منصفانہ اور جائز جدوجہد آزادی کی اپنی ثابت قدم سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر اور فلسطین کے لوگوں پر غیر ملکی قبضے اور وحشیانہ جبر کے خاتمے کے لیے اقدامات کرے، کیونکہ حق خودارادیت ان کا بنیادی حق ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل (بقیہ نمبر 10)

استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما سعید اکبر خان نوانی کا آزاد حیثیت میں الیکشن لڑنے کا امکان

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما سعید اکبر خان نوانی کا بھکر سے (بقیہ نمبر8)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ پر انہیں خراج عقیدت پیش

ہم شہید بھٹو کے منشور روٹی، کپڑا اور مکان پر عمل کرکے ملک سے مہنگائی، بے روزگاری اور غربت کا خاتمہ کریں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، ہم قائدِ (بقیہ نمبر11)

پنو عاقل، کوچ گڑھے میں جا گری، 3 افراد جاں بحق، 19 زخمی

پنو عاقل (این این آئی) سندھ کے ضلع سکھر کی تحصیل پنو عاقل کے قریب مسافر کوچ گڑھے میں جا گری جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پنو عاقل پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر9)

HEADS UP
HELMETS ON
BOP

لاہور: کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا شہریوں میں ہیلمٹ تقسیم کر رہے ہیں

سانحہ 9 مئی، سیاسی جماعت کے کارکنوں کے 'ملوث' ہونے کے مزید شواہد سامنے آگئے، مبینہ ویڈیو منظر عام پر آگئی

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ 9 مئی کی ایک اور مبینہ ویڈیو منظرِ عام پر آگئی ہے جس میں مخصوص سیاسی جماعت کے کارکنوں کے ملوث ہونے کے دعوے سے متعلق مزید شواہد سامنے آگئے۔ منظر عام پر آنے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا (بقیہ نمبر12)

حکومت پاکستان اور کے الیکٹرک کے درمیان کراچی کو توانائی تحفظ فراہم کرنیوالے اہم معاہدے پر دستخط

ہم پاور سیکٹر کی کارکردگی اور طویل مدتی استحکام لانے کے وژن کے ساتھ پیچیدہ مسائل سے نمٹ رہے ہیں، وزیر توانائی محمد علی

توانائی قومی سطح پر ترقی کی بنیاد ہے، مسائل کو ہموار کرنا اور ان دیرینہ معاملات کو حل کرنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان اور کے الیکٹرک نے پاور سیکٹر کیلئے ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے کراچی کی توانائی کے تحفظ کے لیے مختلف معاہدوں پر جمعہ کے روز پاور ڈویژن کے دفتر میں دستخط کیے۔ ان معاہدوں کے تحت حکومت اور کے الیکٹرک کے درمیان دیرینہ تنازعات کو حل کیا گیا جن میں سب سے اہم کراچی کو نیشنل گرڈ سے انٹر کنکشن کی صلاحیت تک بجلی کی فراہمی کو باضابطہ بنانے اور محفوظ کرنے سے متعلق (بقیہ نمبر32)

ایبٹ آباد، نواز شریف کے کاغذات پر اعتراض، سماعت 8 جنوری تک ملتوی

ممبران پارلیمنٹ کی اہلیت کا کیس سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کا انتظار ہے، الیکشن ٹربیونل

ایبٹ آباد (این این آئی) ایبٹ آباد میں مسلم لیگ ن کے قائد، سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کے کاغذاتِ نامزدگی پر اعتراض کے معاملے پر الیکشن ٹریبونل نے سماعت 8 جنوری تک ملتوی کر دی۔ دورانِ سماعت نواز شریف کی طرف سے بیرسٹر جہانگیر جدون ٹریبونل میں (بقیہ نمبر15)

قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری یو اے ای سے گرفتار

لاہور (این این آئی) گوجرانوالہ میں قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو متحدہ عرب امارات (یو اے ای) سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئر پورٹ منتقل کر دیا گیا۔ گرفتار (بقیہ نمبر13)

کراچی؛ ملیر سٹی میں جھگیوں میں آگ لگنے سے 2 خواتین سمیت 4 افراد زخمی

فائر بریگیڈ کے عملے نے 7 فائر ٹینڈر کی مدد سے 3 گھنٹے کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر سٹی میں قائم جھگیوں میں آگ لگ گئی، واقعے میں دو خواتین سمیت چار افراد زخمی ہوئے جبکہ تیس جھگیاں مکمل طور پر جل گئیں۔ آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے تمام تر جھگیوں کو لپیٹ میں لے لیا آگ کی اطلاع ملنے پر فائر بریگیڈ کی 7 گاڑیوں (بقیہ نمبر16)

انسانی دل کا پہلا تفصیلی نقشہ تیار، رپورٹ شائع

مکوآنہ (این این آئی) ماہرینِ صحت نے انسانی دل کا پہلا تفصیلی نقشہ بنا لیا ہے، جس کے ذریعے امراضِ قلب کے علاج میں مدد مل سکے گی۔ سائنسی جریدے 'نیچر' میں شائع ہونے والی (بقیہ نمبر14)

نگران وفاقی وزیر توانائی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مختلف اضلاع کے پولیس اہلکاروں کے بچوں کو علاج معالجے کیلئے مزید 19 لاکھ روپے سے زائد جاری

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے پولیس ملازمین اور انکے بچوں کی ہیلتھ ویلفیئر کے لئے اقدامات جاری ہیں، لاہور سمیت مختلف اضلاع کے اہلکاروں کے بچوں کو علاج معالجے کیلئے مزید 19 لاکھ روپے سے زائد جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب (بقیہ نمبر17)

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

بلاول بھٹو کا بیان

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کی قیادت کو دل کی تکلیف ہوتی ہے تو لندن بھاگ جاتے ہیں، انہیں پہلے بھی کہا تھا اتنی دور جانے کی ضرورت نہیں پیپلز پارٹی نے کراچی میں امراض قلب کے علاج کا بہترین ہسپتال بنایا ہے، 8 فروری کو بھی آپ کو دل کی تکلیف ہونی ہے، پیپلز پارٹی آپ کے مفت علاج کیلئے رائے ونڈ میں ہسپتال بنائے گی، پیپلز پارٹی کے کارکنان دس نکاتی منشور کو گھر گھر پہنچائیں اور عوام کو یقین دہانی کرائیں پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو اپنے وعدوں اور منشور پر عملدر آمد کرتی ہے، تمام سیاسی قوتوں کو بتا رہے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی ہر حلقے سے الیکشن لڑ رہی ہے، ہم جیتنے کے لئے اور حکومت بنانے کے لئے لڑ رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جاتی امراء رائے ونڈ میں سابق صوبائی وزیر چوہدری عبد الغفور کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اسلم گل، جمیل منج سمیت دیگر بھی موجود تھے ۔ بلاول بھٹو نے چوہدری عبد الغفور کو پارٹی مفلر جبکہ چوہدری عبد الغفور نے بلاول بھٹو کو کلہ پہنایا۔ بلاول بھٹو زرداری نے چوہدری عبد الغفور کو پیپلز پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہم شکر گزار ہیں کہ آپ نے نہ صرف ہمیں یہاں آنے کی دعوت دی بلکہ پاکستان پیپلز پارٹی میں بھی شامل ہو گئے ہیں، آپ این اے 125 سے الیکشن بھی لڑ رہے ہیں، پیپلز پارٹی اس حلقے سے ڈٹ کر مقابلہ کرے گی، تمام سیاسی قوتوں کو بتا رہے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی ہر حلقے سے الیکشن لڑ رہی ہے، ہم جیتنے کے لئے لڑ رہے ہیں اور حکومت بنانے کے لئے لڑ رہے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ہم نفرت، تقسیم اور گالم گلوچ کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، ہم اپنا نظریہ اور منشور عوام کے پاس لے کر جائیں گے، قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو، محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے بھی اپنے منشور پر الیکشن لڑے ہیں، ہم بھی اسی پر اپنے منشور پر الیکشن لڑیں گے ۔ کارکنوں نے گھر گھر جا کر لوگوں کو سمجھانا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا دس وعدے ہیں، قائد عوام نے جو وعدے کئے وہ پورے کئے، محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے جو وعدے کئے وہ پورے کئے، اب بھی پاکستان پیپلز پارٹی کو موقع ملے گا تو ہم اپنے وعدے پورے کریں گے ۔ ہمیں دس نکاتی ایجنڈا غریب دوستی کا پیغام ہے، رائے ونڈ کے عوام کو سمجھانا ہے اگر غریبوں اور عام آدمی، کسانوں، مزدوروں اور طلبہ کی حکومت بنانی ہے تو (ن) لیگ اور پی ٹی آئی وہ کام نہیں کر سکتی جو کام اور عوام کی نمائندگی قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی پیپلز پارٹی کر سکتی ہے۔ آپ نے ہر گھر سے پوچھنا ہے آپ کا تنخواہ گزارا ہوتا ہے جواب آپ کو ناں میں ہی ملے گا، ہم نے عوام کو سمجھانا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا پہلا وعدہ ہے ہمارے پاس ایک منصوبہ ہے کہ ہم نے عوام کی آمدن کو دو گنا کرنا ہے اور یہ کام صرف اور صرف پیپلز پارٹی کر سکتی ہے، پیپلز پارٹی غریب خاندانوں کو تین سو یونٹس مفت بجلی فراہم کرے گی، ہم عوام کو معیاری اور مفت تعلیم دینا چاہتے ہیں یہ کام بھی پیپلز پارٹی ہی کر سکتی ہے، ہم ہر شخص کو معیاری علاج کی مفت سہولت فراہم کریں گے، یہ ہوائی باتیں نہیں ہیں، یہ (ن) لیگ یا پی ٹی آئی کی طرح جھوٹے وعدے نہیں ہیں۔ میں سیاست میں اتنے طویل عرصے سے نہیں ہو، یہ اپنی کارکردگی کی بات کرتے ہیں، ہم نے سندھ میں دل، گردے کے امراض سمیت جتنے بھی مہنگے علاج ہیں اس کی مفت سہولت دی ہے، اب پاکستان کے عوام سے وعدہ ہے پنجاب کے عوام سے وعدہ ہے، ہر ضلع میں آپ کے لئے معیاری علاج گاہ ہوگی۔ آپ کیا باتیں کرتے ہیں پنجاب میں یہ کر دیا ہے، آپ بتائیں رائے ونڈ میں مفت علاج کا کوئی ہسپتال دیا ہے، آپ کو دل کی تکلیف ہوتی ہے تو لندن بھاگ جاتے ہیں، اس وقت بھی کہا تھا اتنا دور جانے کی ضرورت نہیں ہم نے کراچی میں امراض قلب کا جدید ہسپتال بنا دیا ہے، اگر آپ اس کو نہیں استعمال کرنا چاہتے تو الیکشن میں پیپلز پارٹی کی حکومت بن رہی ہے یہاں آپ کے لئے رائے ونڈ میں مفت علاج کا ہسپتال بنائیں گے، اگلی باری بھی دل میں تکلیف ہونی ہے، 8 فروری کو یہ ہونا ہے، ہم یہاں آپ کے لئے مفت علاج کا ہسپتال بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام نے پانچ مرلہ سکیم دی ، شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے سات مرلہ سکیم دی، سندھ میں سیلاب متاثرین کے لئے 20 لاکھ پکے گھر بن رہے ہیں اور اس کے مالکانہ حقوق خواتین کے نام پر ہوں گے۔ پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین نے پچاس لاکھ گھروں کا وعدہ کیا، چار سال وزیر اعظم رہا لیکن ایک بھی گھر نہ دیا، میں پاکستان کے غریب عوام کے لئے تیس لاکھ گھر بنا کر دوں گا اور اس کے مالکانہ حقوق خواتین کو دوں گا، پیپلز پارٹی کی حکومت آئے گی تو کچی آبادیوں کو بھی مالکانہ حقوق دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف زرداری نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا انقلاب پروگرام شروع کیا، اسے کبھی میاں صاحب اور کبھی پی ٹی آئی کے بانی چیئر مین نے بند کرنے کی کوشش کی، اس میں کٹوتی کرنے کی کوشش کی، ہم نہ صرف بینظیر انکم سپورٹ کے حجم میں اضافہ کریں گے گے بلکہ اس کے ساتھ وسیلہ حق، وسیلہ تعلیم، وسیلہ روزگار کے پروگرام بھی بحال کریں گے۔ ہم نے ملک کی غریب ترین عورتوں کے لئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام متعارف کرائے، اب بینظیر مزدور کارڈ لے کر آئیں گے، اس کے ذریعے تمام سہولیات دیں گے، اربوں روپے انڈسٹری کو دینے کی بجائے بینظیر کارڈ کے ذریعے براہ راست زمیندار کو دیں گے اور چھوٹے کسانوں کو فائدہ پہنچائیں گے، ہم یوتھ کارڈ بنائیں گے اور جو نوجوان تعلیم حاصل کرنے کے بعد ڈگریاں ہاتھ میں لے کر دھکے کھا رہے ہوتے ہیں اس سے انہیں مالی معاونت ملے گی، جو طلبہ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں اور ان کے پاس وسائل نہیں ہوتے ان کے لئے قرضے کی سکیم لائیں گے اور وہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد جب روزگار پر کھڑے ہوں تو یہ قرضہ واپس کر دیں۔ پیپلز پارٹی ملک بھر میں یونین کونسل کی سطح پر بھوک مٹاؤ پروگرام شروع کرے گی، ہم تمام وعدے پورے کریں گے کیونکہ ہمارا ٹریک ریکارڈ ہے، ہم نے پرانی سیاست، تقسیم اور نفرت کی سیاست کو دفن کرنا ہے ہم غریب کی خدمت کرنا چاہتے ہیں، عوام پیپلز پارٹی کا ساتھ دیں ہم ملک اور عوام کی قسمت بدل لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں واضح کہتا ہوں پیپلز پارٹی کا پی ٹی آئی، پاکستان مسلم لیگ سمیت کسی سیاسی جماعت سے مقابلہ نہیں، ہمارا مقابلہ غربت، بیروزگار اور مہنگائی سے ہے، ہم نے غربت کو ختم کرنا ہے

حلقہ پی پی 64 گوجرانولہ سے بطور آزاد امیدوار الیکشن لڑنے کا اعلان کردیا

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) حلقہ پی پی 64 گوجرانولہ سے بطور آزاد امیدوار الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا حلقہ کی ترقی عوامی مسائل حل کرنے کے لیے آزاد امیدوار کی حیثیت سے ایم پی اے کا الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ھے ان خیالات کا اظہار چوہدری حلیم اختر المعروف بھولی گجراف مرالیوالہ نے صدر تحلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ ڈاکٹر محمد آصف بٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس سے قبل میں نے 3 الیکشن لڑے ہیں تینوں میں میں بھر پور لیڈ سے کامیابی حاصل کی ھے یہ سب میرے حلقہ کے عوام کی محبت ھے 2001 میں تحصیل صدر گوجرانولہ میں بطور کسان ممبر 460 ووٹ لیکر پنجاب میں پہلی پوزیشن حاصل کی 2005 میں ممبر ڈسٹرکٹ کونسل گوجرانولہ میں 128 ووٹ لیکر ضلع گوجرانولہ میں پہلی پوزیشن حاصل کی 2015 میں بلدیاتی الیکشن میں یونین کونسل مرالیوالہ میں چیرمین منتخب ہوئے 955 ووٹ کی لیڈ کے ساتھ میں نے اپنے حلقہ کے عوام کی محبت سے متاثر ہو کر حلقہ پی پی 64 میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ھے حلقہ کی عوام نے میرے بھر پور ساتھ دینے کا اعلان کر کے دل جیت لیے ہیں کامیاب ہو کر حلقہ کی خدمت میں پیش پیش رہوں گا حلقہ کی محرومیاں ختم کرنا اولین ترجیح ھے نوجوان نسل کو تعلیم کے زیور سے سرشار کرونگا تا کہ حلقہ کے باسی بھر پور ترقی کریں اور ملک کا نام روشن کریں حلقہ کی ترقی ہی میری اصل کامیابی ہوگی حلقہ کی عوام کی خدمت کے لیے میرے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں عوام کی خدمت کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا

نگران پنجاب حکومت کی مہم اب گاں چمکیں گے بھر پور طریقے سے جاری ہے، ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) نگران پنجاب حکومت کی مہم اب گاں چمکیں گے بھر پور طریقے سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کی ہدایات پر ضلع بھر کی تمام تحصیلوں کے دیہاتوں میں اسسٹنٹ کمشنرز اور لوکل گورنمنٹ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کی نگرانی میں صفائی آپریشن جاری اور مہم کو مزید کامیاب بنانے کے لیے بنائی گئی کمیٹیوں کی طرف سے فیس ریکوری پر بھی بھر پور کردار ادا کیا جا رہا ہے حکومت پنجاب کے فلیگ شپ پروگرام کی مجموعی پیش رفت اور عائد کردہ فیسوں کی ریکوری کی تفصیل درج ذیل ہے ضلع میں گھروں، دکانوں، پٹرول پمپس، میرج ہالز، سروس اسٹیشنز اور صنعتی یونٹس سیکم جنوری سے اب تک 48 ہزار 6 سو روپے ریکوری فیس جمع کی جا چکی ہے۔ تحصیل نوشہرہ ورکاں سے 39 ہزار 2 سو روپے اور وزیر آباد سے 09 لاکھ 9 ہزار 2 سو روپے کلیکشن کی گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ اب گاں چمکیں گے کے تحت سروسز کی فراہمی حکومت پنجاب کا فلیگ شپ پروگرام ہے جسے جاری رکھنے کے لیے مقررہ فیس کی وصولی ضروری ہے، اسسٹنٹ کمشنرز اپنی تحصیلوں میں گھروں، دکانوں، پٹرول پمپس سروس سٹیشنز، فیکٹریوں، کارخانوں وغیرہ سے مقررہ فیس کی وصولی کے لیے ویلج، یونین کونسل اور تحصیل کمیٹیوں کو مزید متحرک کریں ضلع بھر کی تمام تحصیلوں کے دیہاتوں میں 4 جنوری کو مجموعی طور پر 3847 صفائی سرگرمیاں 735) پوائنٹس سے کوڑا اٹھایا گیا، 731 مقامات کی مینوئل سوئپنگ، 128 ڈور ٹو ڈور کولیکشن، 1945 مقامات کی ڈی سیلٹنگ اور چھوٹی بڑی سیوریج نالیوں (کو کلیئر کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ 308 بڑے کوڑا پوائنٹس) کھلے کچرا پوائنٹس (کو بھی صاف کیا گیا تفصیلات کے مطابق نگران حکومت پنجاب کی جاری مہم اب گاں چمکیں گیکے تحت اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل کی ہدایت پر 4 جنوری کو وزیر آباد میں 346 کوڑا پوائنٹس، 99 مقامات کی مینوئل سوئپنگ، 21 مقامات کی ڈور ٹو ڈور کوڑا کولیکشن، 342 سیوریج نالیوں کی ڈی سیلٹنگ کی گئی، اور 60 بڑے کوڑا پوائنٹس کو کلیئر کیا گیا۔ تحصیل صدر میں 7 پ کوڑا پوائنٹس کلیئر، 314 مقامات کی مینوئل سوئپنگ، 33 ڈور ٹو ڈور سرگرمیاں، 735 مقامات پر سیوریج لائنوں کی ڈی سیلٹنگ کیا گیا اور 0 بڑے مقامات کو کلیئر کیا گیا اسی طرح تحصیل کامونکی میں 205 کوڑا پوائنٹس، 191 مقامات کی مینوئل سوئپنگ، 10 ڈور ٹو ڈور، 402 ڈی سلٹنگ سرگرمیاں کی گئیں اور 134 بڑے کوڑا پوائنٹس کو کلیئر کیا گیا

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے منشور میں سب سے زیادہ غریب عوام کا خیال رکھا گیا ہے، حاجی وقار مرتضی کمبوہ

شیخوپورہ (نصرت خان درانی سے) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے نامزد امیدوار برائے قومی اسمبلی این اے 115 حاجی وقار مرتضی کمبوہ نے کہا ہے کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے منشور میں سب سے زیادہ غریب عوام کا خیال رکھا گیا ہے، ملکی ترقی اولین ترجیح ہے اسی سے عوام خوشحال ہونگے، ملک سے مہنگائی اور غربت کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا، درپیش بحرانوں سے ملک وقوم کو نجات دلائی جائے گی، عوام جانتے ہیں کہ اگر پاکستان مرکزی مسلم لیگ اقتدار میں آئے گی تو انہیں ریلیف ملے گا، انہوں نے کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی قیادت میں آئندہ عام انتخابات میں عوامی مینڈیٹ کے ذریعے واضح اکثریت سے برسر اقتدار آ کر دوبارہ برق رفتاری سے ملکی تعمیر و ترقی اور عوامی فلاح و خوشحالی کا سفر شروع کرے گی اور لوگوں کو بھر پور ریلیف فراہم کیا جائے گا ملکی ترقی کا دارومدار آئندہ عام انتخابات پر ہے، عوام کی طاقت جس کے پاس ہوگی وہی سیاسی جماعت حکومت تشکیل دے گی، ملک جن حالات سے گزر رہا ہے ان سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے تو عوام کو پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا ساتھ دینا ہوگا، ملک اس وقت جس معاشی بحران کا شکار ہے اس سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ ہی نکال سکتی ہیں، انہوں نے کہ اور ہمارا ملک پھر سے ترقی کی طرف گامزن ہوگا پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے آنے سے خوشحالی آئیگی آئندہ عام انتخابات میں عوام کے ووٹ پر کسی کو ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے، پاکستان کی باشعور عوام اب کسی غیر جمہوری ایجنڈے کی تکمیل ممکن نہیں ہونے دے گی۔

ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت سال 2024 کی پہلی پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ اجلاس

KASUR
DISTRICT

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت سال 2024 کی پہلی پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قصور رضوان الحق پوری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر محمد طلحہ بن ضیا، ڈی ایچ او پروینٹو سروسز ڈاکٹر فاروق احمد، ڈی ایچ او میڈیکل سروسز ڈاکٹر حفیظ الرحمن، پروگرام ڈائریکٹر ڈی ایچ ڈی سی ڈاکٹر امتیاز احمد اولکھ، ڈسٹرکٹ منیجر پی ایچ ایف ایم سی زاہد چیمہ ڈسٹرکٹ پولیو فوکل پرسن محمد رمضان شاہد، نمائندہ ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر بدار بخت سمیت دیگر محکموں کے افسران موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر چونیاں عامر بٹ، اے سی پتوکی رانا امجد محمود ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال 2024 کی پہلی انسداد پولیو مہم 8 جنوری سے 12 جنوری تک منعقد ہو رہی ہے جس میں پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 23 ہزار 549 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پولیو مہم کی کامیابی کیلئے 126 یو سی ایم اوز 578 ایریا انچارجز تعینات کئے گئے ہیں جبکہ 2785 موبائل ٹیمز 131 فیکسڈ اور 74 ٹرانزٹ ٹیمیں بچوں کو پولیو قطرے پلائینگی تا ہم مہم کے دوران ڈیوٹیاں دینے والے پولیو ورکرز کی ٹریننگ کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے محکمہ ہیلتھ کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں پولیو مہم کی کامیابی کیلئے اپنی تمام کاوشوں کو بروئے کار لائیں۔ پانچ روزہ مہم کے دوران لوگوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلوانے سے متعلق زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کریں۔ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی بھی پانچ سال تک عمر کا بچہ پولیو سے بچا کے حفاظتی قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ پولیو کا خاتمہ ہمارا قومی فریضہ ہے تمام طبقات کے لوگ پولیو کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں۔ پولیو کے خاتمے کیلئے ہم سب کو مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔ تمام لاری اڈوں داخلی اور خارجی راستوں پر پولیو ٹیمیں تعینات رہیں گی جو پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں۔

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرائے عالمگیر کے سرجن شیخ ہارون آفتاب نے کامیاب آپریشن میں مریضہ کے پیٹ سے 16 کلو وزنی رسولی نکال دی

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرائے عالمگیر کے سرجن شیخ ہارون آفتاب نے کامیاب آپریشن میں مریضہ کے پیٹ سے 16 کلو وزنی رسولی نکال دی سرائے عالمگیر کے گاں کھمبی کی رہائشی 39 سالہ مریضہ عائشہ نسیم زوجہ نسیم اختر کا معروف سرجن شیخ ہارون آفتاب نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرائے عالمگیر میں اپنے عملے کے ہمراہ ایک طویل وکامیاب آپریشن کے بعد مریضہ کے پیٹ سے 16 کلو وزنی رسولی نکال دی یاد رہے کہ یہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ہونے والے رسولی کے آپریشنوں میں سے ایک پیچیدہ آپریشن ہے

ایف بی آر نے سرگودھا ریجن کے دو اہم کاروباری سیکٹرز سٹون کریشرز اور کول مائنز پر سیلز ٹیکس کی دفعہ 40 بی کا نفاذ کر دیا

سرگودھا (رانا اسلم شاہین بیورو چیف) ایف بی آر نے سرگودھا ریجن کے دو اہم کاروباری سیکٹرز سٹون کریشرز اور کول مائنز پر سیلز ٹیکس کی دفعہ 40 بی کا نفاذ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف بی آر سرگودھا کے ترجمان کے مطابق اس اقدام کا مقصد دونوں سیکٹرز کی اصل پیداوار اور ترسیل وفروخت کا تخمینہ لگانا ہے اور اس سلسلے میں کاروائی کے لیے 16 ٹیمیں سٹون کرشرز سرگودھا اور 22 ٹیمیں کول مائنز خوشاب پر تعینات کی جا رہی ہیں۔ ترجمان ایف بی آر کا مزید کہنا ھے کہ ایف بی آر ٹیموں کی سربراہی ڈپٹی کمشنر چوہدری نعیم اور ڈپٹی کمشنر علی صالح کلیار کر رہے ہیں۔ ٹیمیں ابتدائی طور پر ایک ماہ کے لیے ان سیکٹرز کی پیداواری سرگرمیاں نوٹ کر کے رپورٹ مرتب کریں گی۔ انھوں نے کہا کہ سرگودھا کے دونوں سیکٹرز اپنے مکمل واجبات ٹیکس قومی خزانے میں جمع نہیں کروا رہے۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو حکام سے لی گئی معلومات کے مطابق سٹون کریشرز سالانہ 9 کروڑ 20 لاکھ بجلی یونٹس استعمال کرتے ہیں اور اس بنیاد پر کل پیداوار کا تخمینہ تقریبا پچاس ارب روپے ہے اور موجودہ سیلز ٹیکس ریٹ کے حساب سے ایک محدود اندازے کے مطابق قومی خزانے کو تقریبا سالانہ 10 ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق کوئلے کے سیکٹر میں نہ صرف سیلز ٹیکس کی ادائیگی نہیں ہو رہی بلکہ جعلی سیلز ٹیکس انوائسز کا کاروبار بھی ہو رہا ہے ان عناصر کے خلاف مؤثر قانونی کاروائیاں جاری ہیں اور جلد ہی ملوث افراد کو سیلز ٹیکس قوانین کے مطابق قرار واقع سزائیں دی جائیں گی۔ ترجمان ایف بی آر کا مزید کہنا ھے کہ ماضی میں ان دونوں سیکٹرز کے عہدے داران اور سرکردہ لوگوں سے بہت ساری میٹنگز کی گئیں تا کہ ٹیکس وصولی میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکے۔ لیکن اس کے مثبت اثرات برآمد نہ ہوئے۔ ایف بی آر پر عزم ہے کہ صحیح واجبات کی ادائیگی تک مسلسل جدوجہد جاری رہے گی تا کہ ان مشکل ملکی معاشی حالات میں بہتری لائی جا سکے

گریٹر تھل کینال سسٹم علاقے کی معاشی ترقی میں انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا، کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی

سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین) کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی نے کہا ہے کہ گریٹر تھل کینال سسٹم علاقے کی معاشی ترقی میں انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا ۔ زراعت کو فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کی نوید گریٹر تھل کینال میں حائل رکاوٹوں کو جلد از جلد دور کر کے حکومت سے آئندہ مالی سال میں اس منصوبہ کیلئے فنڈز کی سفارش کی جائیگی۔ وہ گریٹر تھل کینال سسٹم کے حوالے سے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے ۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنر خوشاب اور بھکر کو اس منصوبہ کیلئے زمین کی خریداری کیلئے درپیش مشکلات کو حل کروانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دیگر افسران کو بھی اس اہم منصوبہ پر خاص فوکس دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گریٹر تھل کینال 5 سسٹم پر مشتمل ہوگا جن میں چوبارہ، دھنانہ، محمود نور پور اور منکیرہ شامل ہے۔ مزید بتایا گیا کہ منکیرہ سسٹم کا تمام کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ دیگر سسٹم کیلئے زمین کی خریداری کا عمل جاری ہے۔ اس منصوبہ کو تین مرحلوں میں مکمل کرنے کی تجویز ہے۔ حکومت پنجاب سے مرحلہ وار فنڈز کی سفارش کی جائیگی۔ اس منصوبہ کی تکمیل سے 1.7 ملین زمین سیراب ہو سکے گی ۔ اجلاس میں چیف انجینئر انہار صداقت لطیف ، ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان، اے ڈی سی آر خوشاب امیر تیمور اور اے سی آر ملک محمد اشرف سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

سردی بڑھتے ہی گھروں کے چولہے بھی سرد، سوئی گیس غائب ہونے سے صارفین پریشان

ہیڈ مرالہ (نامہ نگار) سردی بڑھتے ہی گھروں کے چولہے بھی سرد، سوئی گیس غائب ہونے سے صارفین پریشان، پریشر بڑھانے کا مطالبہ۔ موسم سرما میں شدت کے ساتھ ہی یونین کونسل گوندل کے دیہاتوں گوندل، گڑھی، سرہالی، گڑھ روپا، رڈیال، ساگر پور اور دیگر میں سوئی گیس کا پریشر کم ہو گیا جسکی وجہ سے صارفین کو دوبارہ مہنگی ایل پی جی خریدنا پڑ رہی ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ بھاری بلوں کی وصولی کے باوجود سوئی گیس کے کم پریشر کی وجہ سے بندش ظلم ہے اہلیان یونین کونسل گوندل نے ریجنل منیجر سوئی نادرن گیس پائپ لائنز سیالکوٹ سے شیڈول کیمطابق پریشر بڑھا کر سوئی گیس فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

نامعلوم چور گھر سے تالے توڑ کر لاکھوں روپے قیمتی سامان چوری کر کے لے گئے

کمالیہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر ڈاکٹر مستنصر اقبال کمالیہ سے) نامعلوم چور گھر سے تالے توڑ کر لاکھوں روپے قیمتی سامان چوری کر کے لے گئے تفصیل کے مطابق کمالیہ محلہ آدی وال کے شہری محمد سرفراز احمد نے تھانہ سٹی کمالیہ میں تحریری درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ نامعلوم چور اس کے گھر میں تالا توڑ کر داخل ہوئے اور لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی سامان چوری کر کے لے گئے جس پر تھانہ سٹی پولیس کمالیہ نے تحریری درخواست وصول کر کے تفتیش کا اغاز کر دیا

محمد عمران اصغر گورنمنٹ کالج اف ٹیکنالوجی کمالیہ کے پرنسپل تعینات سٹاف کی جانب سے مبارکباد

کمالیہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر ڈاکٹر مستنصر اقبال کمالیہ سے) محمد عمران اصغر گورنمنٹ کالج اف ٹیکنالوجی کمالیہ کے پرنسپل تعینات سٹاف کی جانب سے مبارکباد اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے تفصیل کے مطابق گورنمنٹ کالج اف ٹیکنالوجی کمالیہ کے سابق پرنسپل پروفیسر محمد یونس اپنی مدت ملازمت پوری ہونے پر ریٹائرڈ ہو گئے تھے ان کے ریٹائرمنٹ کے بعد یہ سیٹ خالی چلی ارہی تھی گزشتہ روز گورنمنٹ کالج اف ٹیکنالوجی جنگ سے محمد عمران اصغر کو گورنمنٹ کالج اف ٹیکنالوجی کمالیہ کا پرنسپل تعینات کر دیا گیا ہے انہوں نے گزشتہ روز اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے کالج سٹاف کی جانب سے انہیں تعیناتی پر مبارکباد اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے

ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ کا صبح سویرے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر سیف اللہ

ساہیوال (شاکر ہاشمی) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی ہدایت پر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ کا صبح سویرے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، سینٹری سٹاف کی حاضری چیک کی اور مکمل صفائی تک سٹاف کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید کی ہدایت پر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ نے پاک پتن چوک، جوگی چوک، غلہ منڈی، بیرون لاری اڈہ کا دورہ کیا اور صفائی کے عمل کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر ریاض احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے سینٹری سٹاف کی حاضری چیک کی اور سٹاف کو مکمل صفائی تک فیلڈ میں رہنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ کوڑے دانوں میں جمع ہونے والے کوڑے کو بھی فوری اٹھایا جائے تا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے سینٹری سٹاف کو بھی ہدایت کی کہ وہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لئے ایمانداری سے فرائض سرانجام دیں اور ساتھ ہی عوام سے اپیل کی فیصلہ کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں اور اپنے گھروں کا کوڑا ناکارہ سامان میونسپل کارپوریشن کی جانب سے رکھے گئے کنٹینروں میں ڈالیں نہ کہ باہر پھینکے صاف ستھرا ماحول ہی صحت مند زندگی کا ضامن ہے اور ہمارے نبی کریم نے بھی صفائی کو نصف ایمان کا درجہ دیا ہے۔

پھولنگر بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے کاروبار تباہ ۔

معمولات زندگی بھی متاثر شہریوں نے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

پھولنگر (ضیغم نقوی سے) بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے معمولات زندگی متاثر اور کاروبار تباہ تفصیلات کے مطابق پھولنگر اور گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث تاجروں اور شہریوں کو شدید مسائل اور مشکلات کا سامنا ہے ۔ ایک گھنٹہ بجلی کی فراہمی کے کیبعد کئی کئی گھنٹے بجلی کی بندش کا سلسلہ جاری ہے ۔ لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 2 گھنٹے سے بڑھ کر 12 سے 14 گھنٹے ہو گیا ۔ غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے کاروبار شدید متاثر ہو رہے ہیں اور شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا۔ عوامی سماجی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے حکومت سے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

سٹون کریشرز کی جانب سے کی گئی ہڑتال کی بابت اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن (ر) شعیب علی نے کی

سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین) سٹون کریشرز کی جانب سے کی گئی ہڑتال کی بابت اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن) ر (شعیب علی نے کی جبکہ اس موقع پر ڈی سی ایف بی آر علی صالح کلیار اور سٹون کریشرز مالکان بھی موجود تھے۔ اجلاس میں سٹون کریشرز مالکان نے اپنے تحفظات بیان کرتے ہوئے کہا کہ دفعہ - 40 بی کے تحت ایف بی آر سٹاف کی تعیناتی ختم کر کے انہیں ٹیکس سے اسٹنی دیا جائے۔ بصورت دیگر وہ ٹیکس آفس کے سامنے دھرنا دیں گے۔ نمائندہ ایف بی آر نے وضاحت کی کہ اس قسم کے اسٹنی کی قانون میں کوئی گنجائش نہیں اور ملک کے نظام کو بہتر چلانے کے لیے ہر شعبہ ہائے زندگی کو ٹیکس میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا۔ سٹون کریشرز کے مطالبات پہلے بھی ایف بی آر بھیجے جا چکے ہیں اور اب بھی ہمارے دفتر کے دروازے ان کے لیے کھلے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے سٹون کریشرز کو اپنے معاملات ایف بی آر حکام کے ساتھ باہمی مشاورت سے حل کرنے اور قانون کی سختی سے پاسداری کی تلقین کی۔ انہوں نے زور دیا کہ احتجاج کی آڑ میں عوام الناس کے لیے مسائل کھڑے کرنے سے گریز کیا جائے۔ ڈی سی نے کہا کہ کسی قسم کی منفی سوچ کو پذیرائی نہیں بخشی جائے گی لہذا اسٹون کرشر مالکان قانون کے دائرے میں رہ کر اپنے تحفظات دور کریں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا

شیخوپورہ (نصرت خان درانی سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی علی احمد سیان ، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن فیصل جاوید، اراکین ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی اور پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی۔ سی ای او ایجوکیشن علی احمد سیان نے رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ سکولوں بارے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد کو بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرائیویٹ سکولز فوری طور پر رجسٹریشن کروائیں ، غیر رجسٹرڈ سکولوں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن غیر رجسٹرڈ سکولز کے حوالہ سے رپورٹ بنا کر پیش کرے تا کہ غیر رجسٹرڈ سکولوں کی رجسٹریشن کو جلد مکمل کیا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو ہدایت کی ضلع بھر کے غیر رجسٹرڈ سکولوں کو نوٹسز جاری کیے جائیں اور نوٹسز کے باوجود رجسٹریشن کے لیے دستاویزات جمع نہ کروانے والے سکولوں کے خلاف کاروائی اور جرمانہ عائد کیا جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پہلے سے رجسٹرڈ سکولز بھی رینیول کے لیے اپلائی کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے پولیو مہم کے حوالے سے پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے عہدیداران کو ہدایت کی کہ 5 سال تک کے بچوں کے والدین کو 8 جنوری سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے متعلق آگاہ کریں تا کہ 10 جنوری کو بچے سکولوں سے غیر حاضر نہ ہوں اور انہیں پولیو مہم کے دوران قطرے پلائے جا سکیں۔

قائداعظم اکیڈمی فار ایجوکیشنل ڈیویلپمنٹ وحدت روڈ لاہور میں گرین نرسری کا افتتاح

لاہور (سٹاف رپورٹر) قائد اعظم اکیڈمی فار ایجوکیشنل ڈیویلپمنٹ وحدت روڈ لاہور میں گرین نرسری کا افتتاح کیا گیا ڈائریکٹر جنرل پنجاب تجمل عباس رانا نے قائد اکیڈمی لاہور میں اپنی ٹیم کے ہمراہ گرین نرسری کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پنجاب تجمل عباس رانا نے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل قائد پنجاب خلیل الرحمن اور اپنی ٹیم کے ہمراہ بات کرتے ہوئے بتایا کہ ابتدائی نرسری مختلف اقسام خوبصورت 10 ہزار پودوں پر مشتمل ہے انہوں نے مزید کہا کہ قائد پنجاب کے زیر اہتمام 36 اکیڈمی میں ایسی نرسریاں بنائی جائیں گی جو پنجاب کے ضلع بھر میں تمام اکیڈمیز کے گردونواح اور سرکاری دفاتر سمیت پبلک سکولز کے 20 فیصد حصے کو سرسبز بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

چیف ایگزیکٹو نمرہ ہسپتال ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی کی قیادت میں فری میڈیکل اینڈ فری فزیو تھراپسٹ کیمپ کا اہتمام کیا

نمرہ ہسپتال

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) چیف ایگزیکٹو نمرہ ہسپتال ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی کی قیادت میں ڈاکٹر پیر شاہ) سینئر میڈیکل آفیسر چلڈرن کمپلیکس شیخوپورہ (، ڈاکٹر مومنہ) فزیو تھراپسٹ (، ڈاکٹر نمرہ ولید) گائناکولوجسٹ (، ڈاکٹر اکرام) ڈائیلسز سپشلسٹ (، ڈاکٹر قربان) ایم ڈی ڈاکٹر آف میڈیسن (اور مس ثمن شہزادی نے معروف سماجی شخصیت مظہر خان کی نیو شیخوپورہ سبزی و فروٹ منڈی حافظ آباد روڈ پر واقع موٹروے ہرن مینار انٹر چینج کیقریب چک گرداس پور میں ایک فری گائنی، فری میڈیکل اینڈ فری فزیو تھراپسٹ کیمپ کا اہتمام کیا۔ جس میں ڈاکٹر پیر شاہ، ڈاکٹر مومنہ، ڈاکٹر نمرہ ولید اور ڈاکٹر اکرام سمیت ان کی ٹیم نے پانچ سو سے زائد مریضوں، جن میں مرد، خواتین اور بچے شامل تھے انکا فری میڈیکل چیک اپ کرنے کے ساتھ ساتھ انھیں فری ادویات بھی فراہم کیں۔ اس موقع پر معروف سماجی شخصیت اور سرپرست اعلی نیو شیخوپورہ سبزی و فروٹ منڈی مظہر خان نے نمرہ ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی کے علاوہ جنرل سیکرٹری پاکستان میڈیا کونسل ضلع شیخوپورہ حماد خان ترین اور احسان مرزا سمیت کیمپ میں شریک ڈاکٹر پیر شاہ، ڈاکٹر مومنہ، ڈاکٹر نمرہ ولید، ڈاکٹر اکرام، ڈاکٹر قربان اور ان کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ کی آمد سے علاقہ کے مرد و خواتین اور بچوں کے مفت چیک اپ اور ادویات کی فراہمی کسی جہاد سے کم نہیں، چیف ایگزیکٹو نیو شیخوپورہ سبزی فروٹ منڈی مظہر زمان خان اور چیف ایگزیکٹو نمرہ ہسپتال ڈاکٹر اسلم خان شیروانی نے حماد سعید خان ترین، اورنگ زیب خان اور نمرہ ہسپتال ڈاکٹرز ٹیم کے ہمراہ نیو شیخوپورہ سبزی و فروٹ منڈی میں غریب عوام کے لئے ڈسپنسری کا افتتاح بھی کیا اور کہا انشاءاللہ اس طرح کے فری میڈیکل کیمپس کے انعقاد کا سلسلہ جاری رہے گا۔

کالے کوٹ پر آنچ نہیں آنے دونگا،

منتخب ہو کر وکلا برادری کے حقوق کا تحفظ یقینی بناں گا، چوہدری عباس علی چھینہ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

شیخوپورہ (کورٹ رپورٹر محمد اسامہ سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ کے سالانہ انتخابات کے سلسلہ میں امیدوار برائے جنرل سیکرٹری چوہدری عباس علی چھینہ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ نے آپنے کمپین آفس میں معزز اراکین بار کے اعزاز میں فش پارٹی کا اہتمام کیا، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیدوار برائے جنرل سیکرٹری چوہدری عباس علی چھینہ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ کا کہنا تھا کہ کالے کوٹ پر آنچ نہیں آنے دونگا منتخب ہو کر وکلا برادری کے حقوق کا تحفظ یقینی بناں گا، سینئر و جونیئر، نوجوان وکلا، اور فی میل وکلا کا بے حد مشکور ہوں جو میرے الیکشن کو آپنا الیکشن سمجھ کر لڑ رہے ہیں، انشاءاللہ تعالی تیرہ جنوری کا سورج میری کامیابی کی نوید لے کر طلوع ہوگا، انہوں نے کہا ہے کہ بار میں اس وقت الیکشن مہم زوروں سے جاری ہے موثر ووٹ بنک رکھنے والے وکلا کے دھڑوں کی مجھے بھر پور حمایت حاصل ہے، انشاءاللہ تعالی منتخب ہو کر وکلا برادری کے بنیادی مسائل حل کرنے کے ساتھ ساتھ بار اور بینچ میں پل کا کردار ادا کروں گا۔

احمد پور سیال میں سستی غذا انڈہ بھی غریب عوام کی پہنچ سے دور ہو گیا

موسم سرما میں انڈوں کی مانگ بڑھنے سے انڈوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) احمد پور سیال میں سستی غذا انڈہ بھی غریب عوام کی پہنچ سے دور ہو گیا۔ موسم سرما میں انڈوں کی مانگ بڑھنے سے انڈوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ دیسی انڈہ کی قیمت فی انڈہ 45 روپے اور فارمی انڈہ کے نرخ 40 روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے ابلا ہوا انڈہ تو 60 روپے میں ملتا ہے۔ غریب کی غذا انڈہ اب صرف امیر کے ناشتہ کے دستر خوان کی زینت بن کر رہ گیا ہے کیونکہ کمزور طبقہ مہنگا انڈہ خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ انڈے کا شمار متوازن غذا میں ہوتا ہے اس کی اہمیت کا اندازہ اس جدید مقولہ "سردی ہویا گرمی، سنڈے ہو یا منڈے روز کھا انڈے " سے لگایا جا سکتا ہے۔ لیکن مہنگا انڈہ غریب کی قوت خرید سے باہر ہے۔ شہریوں نے انڈوں کی قیمت میں استحکام لانے کا مطالبہ کیا ہے

عامر طفیل سوئی ناردرن گیس کمپنی کے ایم ڈی مقرر

اس سے قبل ڈی ایم ڈی سروسز اور قائم مقام ایم ڈی کے فرائض سرانجام دے رہے تھے

لاہور (خبر نگار) سوئی ناردرن بورڈ آف ڈائریکٹرز نے گزشتہ روز ہونے والی بورڈ میٹنگ میں عامر طفیل کو اگلے تین برس کے لیے سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا مینجنگ ڈائریکٹر مقرر کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ عامر طفیل پیشہ ورانہ اعتبار سے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں۔ وہ اس سے قبل ڈی ایم ڈی سروسز اور قائم مقام ایم ڈی سوئی ناردرن کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ وہ گزشتہ بیس برس سے سوئی ناردرن سے وابستہ ہیں اور اس عرصے میں مینجمنٹ سطح پر مختلف عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ سوئی ناردرن میں شمولیت سے قبل عامر طفیل پاکستان اور بیرون ملک مختلف اہم قومی و کثیر القومی اداروں کے ساتھ بھی وابستہ رہ چکے ہیں۔ عامر طفیل کا 32 برس کا پیشہ ورانہ سفر ان کے مختلف شعبوں میں بھر پور تجربے کی عکاسی کرتا ہے۔ سوئی گیس افسران نے عامر طفیل کی بطور مستقل ایم ڈی تقرری وہ خوش آئند قرار دیا ہے اور کمپنی کی ترقی اور سروسز کی مزید بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے جانے کی توقع ظاہر کی ہے۔

پاکستان عوامی تحریک کے امیدواروں نے کاغذات نامزدگی کے منظور کیئے جانے کے بعد اپنی باقاعدہ عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا

چک جھمرہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان عوامی تحریک کے امیدواروں نے کاغذات نامزدگی کے منظور کیئے جانے کے بعد اپنی باقاعدہ عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا جیت کر قوم کو سرپرائز دینگے, تفصیلات کیمطابق کاغذات نامزدگی منظور یا مسترد کیئے جانے کیمرحلہ کے بعد پاکستان عوامی تحریک کے امیدواران این ۔ اے 95 ڈاکٹر خلیل الرحمن بھٹہ اور پی۔ پی 98 میاں ریحان مقبول صدر سنٹرل پنجاب کے کاغذات منظور کیئے جانے کے بعد انہوں نے باقاعدہ اپنی عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا ہے ایک عوامی اجتماع میں ووٹرز نے انکے ساتھ اظہار یکجہتی کیا اور مکمل ووٹ اور سپورٹ کا یقین بھی دلایا امیدواران کا کہنا تھا کہ پاکستان عوامی تحریک کے امیدواران ایک نظریہ اور سسٹم کے تحت الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں ہمارے قائد انقلاب طاہر القادری کا جو نظریہ ہے چہرے نہیں نظام بدلو کے بغیر ملک میں صحیح جمہوریت کی بحالی ناممکن ہے ہماری جنگ کسی سیاسی جماعت سے نہیں ایک سسٹم اور غیر سیاسی عوام دشمن طاقتوں سے ہیں اور ن لیگ اسکا ایک حصہ ہے ۔ جس نے بھی اس سسٹم کیخلاف جانے کی بات کی اسکا سیاسی منظر نامہ صاف کر دیا گیا۔ اس سسٹم کے خلاف جب تک عوام ساتھ نہیں دینگے اس کے پیروگار چند خاندان عوام کے خون پسینے کی کمائی یونہی لوٹتے رہینگے ، قائد انقلاب طاہر القادری نے اس سسٹم سے جان چھڑانے اور ملک میں صحیح عوامی طاقت کی بحالی کیلئے ایک طریقہ کار دیا ہے اس پر عمل کئے بغیر ملک سے مہنگائی بے روزگاری اور ترقی کا خاتمہ ممکن نہیں پاکستان عوامی تحریک اس سسٹم کیخلاف میدان اتری ہے لوگوں سے گزارش ہے کہ وہ پاکستان عوامی تحریک کے انقلابی امیدواران کو ووٹ دیں اور خصوصا اس الیکشن میں نوجوان ووٹ بہت میٹر کرتا ہے

سکیرٹری فاریسٹ پنجاب نے اپنے حکم کے تحت پورے پنجاب میں سرکاری وغیر سرکاری لکڑی کی نقل وحرکت کے لیے فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کا ٹرانزٹ پرمٹ لازمی قرار دے دیا

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف) سکیرٹری فاریسٹ پنجاب نے اپنے ایک تحریری حکم کے تحت پنجاب بھر میں سرکاری وغیر سرکاری لکڑی کی نقل و حرکت کے لیے ٹرانزٹ پرمٹ کو لازمی قرار دے دیا ہے اس حکم میں پنجاب کے تمام فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کے سرکل اور ڈویژن افیسران کو حکم دیا ہے کہ اپنے اپنے سرکل اور ڈویژن میں اس بات کو یقینی بنائیں پنجاب کے کسی ڈویژن ضلع یا تحصیل مقام سے کوئی سرکاری یا غیر سرکاری لکڑی کی نقل و حرکت بغیر ٹرانزٹ پرمٹ نہ ہو انہوں کہا ہے کہ اس عمل کا بنیادی مقصد پنجاب میں ہر جگہ سرکاری لکڑی کی چوری کو ہر ممکن روکنا ہے اس حکم کے بعد پنجاب بھر کے ساتھ ساتھ انوار الحق قریشی ناظم جنگلات فیصل آباد سرکل نے بھی اپنے سرکل میں فوری طور پر کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں جس کے مطابق جھنگ ڈویژن میں چنیوٹ سے رینج فاریسٹ افیسر جمشید خان کمیٹی کے سربراہ ہونگے جھنگ میں عمران سعید ایس۔ ڈی۔ او ہیڈ کوارٹر جھنگ فاریسٹ کمیٹی کے سربراہ ہونگے شورکوٹ سے اشفاق احمد ایس ۔ ڈی ۔ او شورکوٹ فاریسٹ سب ڈویژن کمیٹی کے سربراہ ہونگے جبکہ رینج فارسٹ افیسر طاہر سرگانہ جھنگ مظفر گڑھ روڈ کمیٹی کے سربراہ ہونگے جو کہ اپنے اپنے علاقوں میں اپنے باوردی عملہ کے ساتھ سخت چیکنگ کے بعد اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ کسی صورت سرکاری لکڑی چوری نہ ہو ڈویژنل فاریسٹ افیسر جھنگ فیاض احمد خان نے اپنے دفتر میں گزشتہ روز سینئر صحافی جھنگ اجمل حسین خان سے اپنی ملاقات کے دوران بتایا کہ انہوں نے اپنی ڈویژن میں تمام افسران اور چیکنگ کمیٹیوں کے انچارج صاحبان کو سختی سے حکم دیا ہے کہ سکیرٹری فاریسٹ پنجاب کے اس حکم پر بڑی سختی سے عمل درآمد کروایا جائے گا میں خود بھی اس عمل کی جھنگ میں بڑی سختی سے نگرانی کروں گا اور لکڑی چوری کی چیکنگ کے ساتھ ساتھ اپنے سٹاف کو بھی روزانہ کی بنیاد پر دن رات اچانک چیک کروں گا جبکہ اس فرض میں کوئی یا غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی یاد رہے کہ اس حکم کے بعد اب اگر کوئی زمیندار بھی اپنی پرائیویٹ لکڑی کاٹ کر اگر کسی آرے یا کسی دوسرے شہر میں لیکر جائے گا تو اس کے لیے اسے ٹرانزٹ پرمٹ حاصل کرنا ہوگا جو کہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کا ضلعی سربراہ اپنے محکمہ کے سرکاری ریونیو فیس کی وصول اور اپنے عملہ کی تصدیقی رپورٹ کے بعد جاری کرے گا جس کے بعد تب جا کہ زمیندار کو بھی اب اپنی غیر سرکاری لکڑی ایک سے دوسری جگہ لیکر جانے یا کٹوانے کی اجازت ہوگی

دعا صحت

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف) شکر گنج مل کی لیب کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ جنرل منیجر شاہد حسین کے والد محترم اور جھنگ کے مشہور ماہر تعلیم جناب شمشاد حسین صاحب چند روز قبل عارضہ قلب میں مبتلا ہو کر ڈی . ایچ . کیو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ میں داخل ہوئے اور بعد ازاں فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی فیصل آباد ریفر ہو گئے تھے جہاں انجو پلاٹی کے مرحلہ کے بعد صحت یاب ہو کر واپس جھنگ گھر شفٹ ہو گئے ہیں اس خوشی کے موقعہ پر سینئر صحافی اجمل حسین خان نائب صدر پریس کلب جھنگ اور سینئر صحافی شریف طاہر اور ماسٹر مختار حسین سید ناصر علی شاہ گیلانی نے ان کے صحت یاب ہونے پر ان کو مبارک باد دیتے ہوئے ان کی مزید مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی ہے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے

بقیہ نمبر 1 سال بعد اہل ہوجاتا ہے، صرف کاغذات نامزدگی میں غلطی ہو جائے تو تاحیات نااہل؟ ایک جنرل نے شق ڈال دی تو ہم سب پابند ہوگئے؟ خود کو محدود نہ کریں بطور آئینی ماہر ہمیں وسیع تناظر میں سمجھائیں، کیس میں کوئی سیاسی جماعت فریق نہیں بنی، عوام کا کسی کو خیال نہیں، آئین کو اتنا مشکل نہ بنائیں کہ لوگوں کا اعتماد ہی کھو دیں۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 7 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی بھی 7 رکنی لارجر بینچ کا حصہ تھے۔ عدالتی کارروائی سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر براہ راست نشر کی گئی۔ جہانگیر ترین کے وکیل مخدوم علی خان نے دلائل کا آغاز کیا جبکہ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ الیکشن سے متعلق تمام کیسز آئندہ ہفتے ریگولر بینچ میں مقرر ہوں گے، اس کیس میں انفرادی لوگوں کے مقدمات نہیں سنیں گے، انفرادی لوگوں کے الیکشن معاملات آئندہ ہفتے سنیں گے، ہوسکتا ہے تب تک ہمارا اس کیس میں آرڈر بھی آچکا ہو۔

بقیہ نمبر 2 کو اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر مسئلہ فلسطین پر پاکستان کے مؤقف کی مؤثر نمائندگی پر سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر ملک کی معاشی فلاح و بہبود کے لیے مواقع کی نشاندہی کرنا پاکستان کے تمام سفارتی نمائندوں کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ منیر اکرم نے وزیراعظم کو اپنے مشن کی کارکردگی سے آگاہ کیا اور وزیراعظم سے خارجہ پالیسی کے ضمن میں ہدایات لیں۔

بقیہ نمبر 3 ، بحری امور اور ریلویز شاہد اشرف تارڑ نے ملاقات کی جس میں متعلقہ وزارتوں کے مختلف امور پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ نمبر 4 ووٹ کو عزت دو کا بیانیہ جبکہ جماعت کوئی اور بیانیہ چاہتی ہے، جماعت کی نئی قیادت قائد مسلم لیگ (ن) کو سمجھوتہ کرنے پر مجبور کیے ہوئے ہیں، مسلم لیگ (ن) میں اب سینئر قائدین کی گنجائش نہیں رہی ہے۔

بقیہ نمبر 5 ، پاکستان کے بعد 4 ہزار 130 پاکستانی قیدی رہا ہوئے۔ جمعہ کو وزارت خارجہ نے محمد بن سلمان کے دورہ پاکستان اکتوبر 2019 کے بعد رہا ہونے والے قیدیوں کے اعداد و شمار سینیٹ میں پیش کر دیے

بقیہ نمبر 6 برائے قانونی امور نعیم حیدر پنجوتھہ نے مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز کے مقابلے میں کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے اس معاملے پر اپیل میں موقف اپنایا گیا تھا کہ نعیم پنجوتھہ کے پی پی 80، این اے 82 اور پی پی 71 سے کاغذات نامزدگی قانون کے منافی مسترد ہوئے۔

بقیہ نمبر 7 کو 40 ہزار ریپڈ ڈائگنوسٹک کٹس دی ہیں۔ حکام کے مطابق اسلام آباد سمیت زیادہ تر ائیرپورٹس پر باہر سے آنے والوں کی کووڈ ٹیسٹنگ شروع ہوگئی ہے، بیرون ملک سے آنے والے 2 فیصد مسافروں کی لازمی کووڈ ٹیسٹنگ ہوگی۔ حکام نے بتایا کہ چند ظاہر ہونے والے کووڈ کیسز کی جینوم سیکوئنسنگ بھی ہورہی ہے، ہمارے ہاں کووڈ 19 کی شرح ایک فیصد سے بھی کم ہے جبکہ جے این ون کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا۔ دوسری جانب بارڈر ہیلتھ سروسز حکام کے مطابق ملتان اور فیصل آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹس پر تاحال ٹیسٹنگ کٹس نہیں پہنچیں۔

بقیہ نمبر 8 سے آزاد حیثیت میں الیکشن لڑنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق سعید اکبر نوانی نے سربراہ آئی پی پی جہانگیر ترین کو بھی اپنے فیصلے سے آگاہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق سعید اکبر نوانی کا این اے 91 اور پی پی 91 سے آزاد حیثیت سے الیکشن لڑنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق سعید اکبر نوانی جہانگیر ترین کے قریبی ساتھی بھی ہیں۔

بقیہ نمبر 9 مسافر کوچ کے حادثے میں 19 سے زائد مسافر زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں اور لاشوں کو ریسکیو تعلقہ اسپتال پنو عاقل منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ زخمیوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں، 7 زخمیوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ پولیس کے مطابق مسافر کوچ کراچی سے پشاور جارہی تھی، حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا ہے۔

بقیہ نمبر 10 مندوب منیر اکرم نے کشمیریوں کے یوم حق خودارادیت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ کشمیریوں کے اس حق کو دبانا تنازعات اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا باعث بنتا ہے جیسا کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر اور فلسطین میں ہے

بقیہ نمبر 11 عوام کے نظریے کے مطابق پاکستان کو ایک خوشحال، مضبوط اور مساوات پر کھڑا ملک بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئیں اس موقع پر ایک عہد کریں کہ ہم شہید بھٹو کے منشور روٹی، کپڑا اور مکان' پر عمل کر کے ملک سے مہنگائی، بے روزگاری اور غربت کا خاتمہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 12 سکتا ہے کہ مبینہ طور پر ایک سیاسی جماعت کے کارکن پارٹی پرچم اٹھائے تخریب کاری میں مصروف ہیں۔ ویڈیو میں شرپسند ایک جماعت کا پرچم اٹھائے توڑ پھوڑ کرتے دیکھے جاسکتے ہیں، سرکاری املاک کو آگ لگانے کے مناظر بھی واضح نظر آرہے ہیں۔ واضح رہے کہ 9 مئی 2023 کو قومی احتساب بیورو کی جانب سے القادر ٹرسٹ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری کے بعد مظاہرین ملک بھر میں سڑکوں پر نکل آئے تھے اور خاص طور پر لاہور میں کور کمانڈر کی رہائش گاہ پر توڑ پھوڑ کی اور راولپنڈی میں جنرل ہیڈ کوارٹرز کا ایک گیٹ توڑ دیا تھا۔

بقیہ نمبر 13 ملزم محمد کاشف پنجاب پولیس کو مطلوب تھا، ملزم کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت گوجرانوالہ میں مقدمہ درج تھا۔ ایف آئی اے این سی بی انٹرپول پاکستان نے ملزم کی گرفتاری کے لیے ریڈ نوٹس جاری کیا تھا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم کی حوالگی انٹرپول اسلام آباد کی انٹرپول ابوظہبی کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ بعدازاں ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے ملزم کو متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کردیا۔

بقیہ نمبر 14 والی رپورٹ کے مطابق، میسا چوسیٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (ایم آئی ٹی)، ہارورڈ، بائز کمپنی اور دیگر اسپتالوں کے ماہرین نے 'انسانی دل' کا تفصیلی نقشہ تیار کرلیا ہے۔ انسانی دل کے اس تفصیلی نقشے کی مدد سے انسانی دل کا خلیاتی اور سالماتی (مالیکیولر) لحاظ سے تفصیلی جائزہ لیا جاسکے گا، یہاں تک کہ نقشے کی مدد سے دل میں موجود خلیات کو زوم کر کے بھی دیکھا جاسکے گا۔ اس نقشے سے ہارٹ فیل ہونے کے عمل کا مکمل تفصیل سے مطالعہ کیا جاسکتا ہے، یوں دل کی چھوٹی سے چھوٹی اہم خلیاتی تفصیلات کو جان کر دل کی بیماریوں کا علاج کرنے میں مدد مل سکے گی۔ اس حوالے سے محقق ناتھن ٹکر کا کہنا ہے کہ 'دل محض کوئی گوشت کا ٹکڑا نہیں بلکہ کئی اقسام کے خلیات کا ایک پیچیدہ مجموعہ ہے۔' انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ 'انسانی دل میں موجود تمام خلیات ایک ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تب ہی دل بہترین انداز سے جسم میں خون کی روانی کو ممکن بنانے میں کامیاب ہوتا ہے

بقیہ نمبر 15 بیوں میں پیش ہوئے۔ الیکشن ٹریبونل نے کہا کہ ممبران پارلیمنٹ کی اہلیت کا کیس سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کا انتظار ہے۔ واضح رہے کہ نواز شریف کے کاغذات نامزدگی این اے 15 مانسہرہ سے اعظم خان سواتی نے چیلنج کیے تھے۔

بقیہ نمبر 16 نے 3 گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پایا۔ گزشتہ شب ملیر سٹی کے علاقے بکرا پیڑی انور بلوچ ہوٹل کے عقب میں رات گئے جھگیوں میں لگنے والی آگ پر فائر بریگیڈ کے عملے نے 7 فائر ٹینڈرز کی مدد سے 3 گھنٹے کی جدوجہد کے بعد قابو پالیا۔ واٹر کارپوریشن نے بھی واٹر ٹینکر کے ذریعے پانی کی فراہمی آگ بجھنے تک جاری رکھی۔ آتش زدگی کے نتیجے میں خواتین سمیت 4 افراد جھلس کر زخمی ہوگئے جب کہ 30 سے زائد جھگیاں اور اس میں رکھا بھاری مالیت کا سامان، متعدد موٹرسائیکلیں، چنگچی اور سائیکلیں آگ کی لپیٹ میں آکر مکمل طور پر جل گئیں۔

بقیہ نمبر 17 پولیس کے مطابق مظفر گڑھ کے ہیڈ کانسٹیبل امداد حسین کو چار سالہ بیٹے عبدالرافع کے کوکلیئر امپلانٹ کیلئے 15 لاکھ روپے کی منظوری، کوکلیئر امپلانٹ سرجری کے بعد عبدالرافع سننے کے قابل ہوجائے گا اور نارمل زندگی گزارے گا، ڈرائیور کانسٹیبل پرویز اختر کو سات سالہ معذور بیٹے ایان کے علاج کیلئے 02 لاکھ روپے دیئے گئے، پی ٹی ایس سرگودھا کے کانسٹیبل محسن عباس کو بیٹے منظر عباس کے علاج معالجے کیلئے 01 لاکھ روپے دیئے گئے، ڈرائیور کانسٹیبل ریاست علی کو تھیلیسیمیا سے متاثرہ بیٹے عون محمد کے علاج کیلئے 70 ہزار روپے جاری، متوفی ہیڈ کانسٹیبل سید اعجاز حسین شاہ کے بیٹے کو گردوں کے علاج کیلئے 70 ہزار روپے دیئے گئے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس ہمارے پھول پراجیکٹ سے ملازمین کے بچوں کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے بھرپور معاونت کر رہی ہے، تھیلیسیمیا سے متاثرہ بچوں کو بلڈ ٹرانسفیوژن اخراجات کیلئے ماہانہ وظائف بھی دیئے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18 عوام کی دسترس سے باہر ہوچکی ہیں۔ وزیر صحت ندیم جان نے کہا کہ ہمارے دور میں آٹھ آنے ادویات مہنگی نہیں ہوئیں، آپ کے پاس کوئی ثبوت ہے تو لائیں تاکہ ہم انکوائری کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اوپر اتنا پریشر ہے کہ قیمتیں بڑھائیں ہم ریزسٹ کررہے ہیں، جو ہم سے ہو رہا ہے وہ ہم کر رہے ہیں۔ سینیٹر بہرہ مند تنگی نے کہا کہ قیمتیں ناقابل یقین طور پر بڑھ چکی ہیں۔

بقیہ نمبر 19 دوسری بڑی آن لائن ورک فورس ہے، پچھلے چار سالوں میں پاکستانی اسٹارٹ اپس میں تقریباً 800 ملین ڈالرز بیرونی سرمایہ کاری ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بہت بڑی مارکیٹ ہے، پاکستان موبائل فونز کی دنیا کی ساتویں بڑی مارکیٹ ہے، پاکستان میں 75 ملین انٹرنیٹ کے براڈبینڈ صارفین ہیں، پاکستان میں سوشل میڈیا استعمال کرنے والوں کی تعداد کینیڈا کی کل آبادی سے زیادہ ہے۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ آئی ٹی کے طالبعلموں کے لیے ٹیسٹ کا انعقاد کررہے ہیں، اب آئی ٹی سے آنیوالا ریونیو پچاس فی صد تک ڈالرز میں رکھا جاسکتا ہے، سوشل میڈیا کے لیے ریگولیشن ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 20 کہا کہ پی ٹی آئی کو بھی دیگر جماعتوں کا درجہ ملنا چاہئے، ہم جمہوری کلچر کو فروغ دینا چاہتے ہیں، ہر کسی کو آزادی سے جلسے جلوس کی اجازت ہونی چاہئے۔ قادر مندوخیل نے کہا کہ تحریک انصاف سے انتخابی نشان لینے کے فیصلے کی حمایت نہیں کرسکتے، کوئی بھی سنگل جج پورے ملک کیلئے فیصلہ نہیں کرسکتا، میں پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کی مخالفت کرتا ہوں، کیا کسی کو حق ہے کہ منتخب لوگوں کے مستقبل سے کھیلے، اسمبلی میں گیا تو معاملہ لازمی اسمبلی میں اٹھاؤں گا۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ کسی کو بھی بلاوجہ نااہل کرنے کا اختیار کسی کو نہیں، 9 مئی کے واقعات میں جو ملوث نہیں ان کو ریلیف مل رہا ہے۔

بقیہ نمبر 21 ہوئی ہے جس کے تحت ایف بی آر کی تنظیم نو کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی۔ نگران حکومت کی جانب عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کی تجاویز پر عملدرآمد جاری ہے

بقیہ نمبر 22 ڈائریکٹر مقرر کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق عامر طفیل پیشہ ورانہ اعتبار سے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں۔ وہ گزشتہ بیس برس سے سوئی ناردرن سے وابستہ ہیں اور اس عرصے میں مینجمنٹ سطح پر مختلف عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ سوئی ناردرن میں شمولیت سے قبل عامر طفیل پاکستان اور بیرون ملک مختلف اہم قومی و کثیر القومی اداروں کے ساتھ بھی وابستہ رہ چکے ہیں۔ عامر طفیل کا 32 برس کا پیشہ ورانہ سفر اُن کے مختلف شعبوں میں بھرپور تجربے کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 23 قریشی کے کاغذات مسترد کرنے کا ریٹرننگ افسر کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا ہے۔ فیصلے کے بعد شاہ محمود قریشی کو این اے 214 عمر کوٹ سے الیکشن لڑنے کی اجازت مل گئی ہے، اور ان کے صاحبزادے زین قریشی کے بھی این اے 214 سے کاغذات نامزدگی منظور ہوگئے ہیں۔ آر او نے واجبات سے متعلق سند پیش نہ کرنے پر آر او نے کاغذات مسترد کیے تھے۔ دوسری جانب سے این اے 238 سے حلیم عادل کو بھی الیکشن لڑنے کی اجازت دے دی گئی ہے اور کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا آر او کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا گیا۔ الیکشن ٹریبونل نے پیپلز پارٹی کے مرزا اختیار بیگ کو الیکشن لڑنے کی مشروط اجازت دے دی ہے۔ جسٹس عدنان الکریم میمن نے ریمارکس دیے کہ اگر دوہری شہریت ختم ہوچکی ہے تو بیان حلفی جمع کرائیں، بیان حلفی غلط ثابت ہوا تو الیکشن جیتنے کے بعد کامیابی منسوخ ہو جائے گی۔ الیکشن ٹریبونل نے حلقہ این اے 241 سے تحریک انصاف کے امیدوار ارسلان خالد کی اپیل بھی منظور کرلی ہے اور انہیں الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت دے دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 24 پاکستان مشترکہ مفادات کونسل کے چیئرمین ہوں گے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور تین وفاقی وزراء کونسل کے ممبران ہوں گے۔ نگران وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، وزیر نجکاری اور وزیر قانون و انصاف کونسل کے ممبران ہوں گے

اطلاع عام

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عباد علی ولد رجب علی القیوم گارڈن ہاؤسنگ سکیم میں بطور پارٹنر تھے مورخہ 19/12/2020 کو وفات پا چکے ہیں ان کے وارثان میں کبریٰ عباد بیوہ، صائم مجتبیٰ بھٹہ، طہ احمد بھٹہ، عدین فاطمہ، عشل فاطمہ ہیں جن کو متوفی حصے کی حد تک القیوم گارڈن ہاؤسنگ سکیم میں بطور پارٹنر شامل کیا جارہا ہے اعتراض کی صورت میں اندر سات یوم رابطہ کریں القیوم گارڈن ہاؤسنگ سکیم مین شرقپور روڈ فیض پور انٹر چینج لاہور

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب تحصیل شورکوٹ

عنوان مقدمہ: محمد حسن بلال وغیرہ بنام احمد مختار وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 756 موضع رستم سرگانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام احمد مختار، آسیہ بی بی بیوہ، زاہد سرفراز، عروج فاطمہ پسران ودختر سرفراز خان۔ گلزار خان، مختار احمد پسران خان بیگ۔ خداداد، خالقداد پسران گلزار۔ علمدار ولد حق نواز۔ امان اللہ، محمد الیاس، اعجاز احمد، عصمت اللہ، شفقت عباس پسران ذوالفقار خان۔ حقنواز خاوند سکینہ بی بی۔ ربنواز، پرویز، شاہد، مجاہد، رخسانہ، فرزانہ، ریحانہ پسران ودختران حق نواز۔ کامران حیدر ولد افتخار حسین جملہ اقوام سیال سرگانہ سکنائے موضع رستم سرگانہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب تحصیل شورکوٹ

عنوان مقدمہ: محمد حسن بلال وغیرہ بنام لیاقت علی وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 755/729 موضع رستم سرگانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام لیاقت علی، محمد منور شاہ، چن پیر، رسولاں بی بی پسران ودختر جعفر علی شاہ قوم قریشی۔ گلزار خان، خداداد خان، خالق داد پسران خان بیگ۔ امان اللہ، محمد الیاس، عصمت اللہ پسران ذوالفقار خان۔ حقنواز خاوند سکینہ بی بی۔ ربنواز، پرویز، شاہد، مجاہد، رخسانہ، فرزانہ، ریحانہ پسران ودختران حق نواز۔ کامران حیدر ولد افتخار حسین جملہ اقوام سیال سرگانہ۔ محمد ناصر، محمد منیر، غلام شبیر، تصور اقبال اقوام جٹ ڈب جملہ سکنائے موضع رستم سرگانہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب سید تہذیب الحسن نقوی صاحب بااختیار جج فیملی کورٹ

شاہدہ بی بی وغیرہ بنام محمد طالب وغیرہ دعویٰ استقرار حق معہ منسوخی انتقالات وغیرہ اخبار اشتہار بنام محمد طالب محمد طارق محمد طاہر ساجدہ پروین زوجہ محمد طالب اقوام کمبوہ ساکنان چک نمبر 9/14L تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال ہر گاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہان کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 20/01/2024 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لاء جائے گی اور بعد میں کوئی عزر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا روزنامہ مسافت لاہور

بعدالت محترمہ جناب مرضیہ علی صاحبہ فاضل سول جج درجہ اول/ ایڈمن کورٹ تحصیل و ضلع شیخوپورہ

. عنوان مقدمہ:۔ محمد صدیق بنام محمد سیف الرحمن نوعیت: ۔دعویٰ تکمیل مختص معاہدہ بیعہ معہ حکم امتناعی دوامی اخبار اشتہار بنام محمد سیف الرحمن ولد عبدالرحمن ساکن ماہنیانوالہ ڈاکخانہ خاص چکنمبر 14/RB تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ بنام ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ مقررہ مورخہ 19.01.2024 کو اصالتاً یا وکالتاً صبح بوقت نو (9) بجے حاضر عدالت ہو کر پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول وسماعت نہ ہوگا

بعدالت جناب فیصل مجید صاحب فیملی جج ڈسکہ

دعویٰ تنسیخ نکاح ولاپانے خرچہ آمنہ شہزادی بنام نقاش ولد محمد عباس ساکن جی ٹی روڈ محلہ بشیر کالونی تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 06/01/2024 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

بعدالت جناب میڈم مصباح اصغر صاحبہ جج فیملی کورٹ شکرگڑھ

ثمرہ نصیر بنام محمد طارق دعویٰ دلاپانے خرچہ نان و نفقہ محمد طارق بوٹا ولد محمد سائیں قوم گوجر ساکن چک کالے خاں تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 10.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

:بعدالت جناب قیصر حسین مرل صاحب سول جج ڈسکہ

استقرار حق بابت ڈکلیئر کیے جانے وارثان محمد علی بنام عوام الناس اشتہار بنام محمد علی طاہر ولد محمد طاہر سلیم ذات آرائیں ساکن ضیا سٹریٹ مکان نمبر 5/258 محلہ الطاف گڑھ ڈسکہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ / سائل نے استقرار حق دائر کیا ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 10/01/2024 پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب فیصل مجید صاحب فیملی جج ڈسکہ

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ ربیعہ صفدر بنام علی حمزہ ولد محمد مشتاق ساکن لوہیانوالہ پنڈی بائی پاس مسجد شیرے ربانی مکان نمبر 27 گلی نمبر 4 گوجرانوالہ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 21/12/2023 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

بعدالت جناب مصباح اصغر صاحبہ سول جج نارووال

محمد رمضان رضا وغیرہ بنام زاہد علی وغیرہ دعویٰ استقرار حق زاہد علی۔ عابد علی۔ بدر علی۔ محمد احمد۔ محمد علی پسران۔ محمد عشرت اقوام راجپوت ساکن محلہ اسلام آباد عقب مسجد نور تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 6.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

اعلان لاتعلقی

میں اپنے حقیقی بھائیوں بابر علی عرف بابری، علی عرف غوری، عامر، عظمت عرف انجو، سے بوجہ نافرمانی غلط حرکات بری عادات غلط چال چلن اعلان لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں آئندہ ان کے کسی قول و فعل و لین دین کا میں ذمہ دار نہ ہوں گا المشتہر اسلم علی ولد صابر علی قوم ماچھی سکنہ بھونیکی اوتاڑ تحصیل پتوکی ضلع قصور

بعدالت جناب رحمان الٰہی صاحب فاضل سول جج شیخوپورہ

اعجاز علی بنام صوبہ پنجاب وغیرہ میونسپل کارپوریشن فیروز والا ضلع شیخوپورہ، Noor Fatima (alleged daughter) (is not daughter) daughter of Akram Ali, minor through her real mother Mst. Zunera Bashir defendant No 3 دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 06-01-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد یں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب عبداللہ عثمان صاحب ADJ سیالکوٹ

اپیل نگرانی عنوان سید سرور حسین شاہ وغیرہ بنام سید غلام رضا وغیرہ اشتہار بنام 2 سید ریاض حسین پسر صفدر حسین شاہ ساکن گاؤں سیدانوالی مشرقی تحصیل و ضلع سیالکوٹ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 17-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب سعید برکت صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق عنوان اسماعیل وغیرہ بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس اسماعیل ولد محمد اسلم ساکن ڈاکخانہ نکاپورہ دوبرجی آرائیاں تحصیل و ضلع سیالکوٹ حال مقیم بحرین بذریعہ مختار خاص ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام عوام الناس کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر عوام الناس تاریخ 06-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب سعید برکت صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق عنوان محمد صغیر بنام محمد جمیل اشتہار بنام محمد جمیل ولد عبدالقدیر قوم آرائیں ساکن جوگو چک، تحصیل و ضلع سیالکوٹ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 19-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

اطلاع عام

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 05.01.2024 بروز جمعۃ المبارک بوقت 02:00 بجے دوپہر بمقام گورنمنٹ پرائمری سکول چک نمبر 452 ج ب تحصیل و ضلع جھنگ رقبہ تعدادی 6 مرلے 170 مربع فٹ جائیداد زرعی ملکیتی محمد مسعود ولد خان محمد قوم سیال چچکانہ زیر کھاتہ نمبر 109 بالعوض زرڈگری مبلغ -/125000 روپے بمعہ خرچہ -/13000 روپے موقع پر نیلام عام کیا جائے گا بولی میں حصہ لینے والے حضرات حصہ لے سکتے ہیں:۔ منجانب:۔ رب نواز خان ڈب نائب تحصیلدار جھنگ

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ / تحصیلدار سب رجسٹرار تحصیل منچن آباد

عنوان تصدیق انتقال وراثت نمبری 3978 متوفی محمد اسلم ولد ماہم علی موضع منچن آباد ہر گاہ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد اسلم کی زوجگان حنیفاں بی بی) قبل از فوت شد (مختیاراں بی بی) بعد از فوت شد (اور محمد احمد محمد معراج پسران سمیت ارشاد بی بی شہناز بی بی ممتاز بی بی آسیہ بی بی، ماریہ اسلم، انیلہ اسلم رمشا اسلم، علیشہ اسلم عفیفہ اسلم، شانزہ اسلم اور طیبہ اسلم زندہ ظاہر کیے گئے ہیں اگر اس کے علاوہ کوئی وارث ہو یا اس بارے میں کسی کو کوئی علم ہو تو اشاعت اخبار کے سات یوم کے اندر مطلع کریں بصورت دیگر انتقال وراثت منظور کرلیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب سید تہذیب الحسن نقوی صاحب سول جج فیملی کورٹ

تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال محمد افضل وغیرہ بنام علی عمران وغیرہ دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی . . اخبار اشتہار بنام محمد اقبال محمد اعظم محمد رضا محمد شہزاد محمد اویس پسران نادیہ شاہین دختر نسیم اختر بیوہ محمد بشیر اقوام آرائیں ساکنان چک نمبر 39/12L تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال ہر گاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہان کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 17/01/2024 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لاء جائے گی اور بعد میں کوء عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور عدالت سے جاری ہوا روزنامہ مسافت لاہور

بعدالت جناب حافظ شاہد جاوید صاحب سول جج شکرگڑھ

اقصیٰ رشید بیوہ بنام عوام الناس دعویٰ درخواست گارڈین اقصیٰ رشید بیوہ بشارت علی ساکن مرد وال تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 8.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

درستگی نام

میرے پاکستانی پاسپورٹ پر غلطی سے میرا نام محمد حسنین لکھا ہوا ہے۔ جو کہ غلط ہے۔ جبکہ میرا درست نام محمد عثمان ولد امجد علی ہے۔ پاسپورٹ پر میرے نام کی درستگی کرتے ہوئے محمد عثمان لکھا جائے۔ آئندہ مجھے میرے درست محمد عثمان کہہ کر پکارہ لکھا اور پڑھا جائے۔ المشتہر:۔ محمد عثمان ولد محمد امجد علی ساکن چک نمبر 108 گ ب جڑانوالہ نوٹ

بعدالت جناب محمد پرویز صاحب نائب تحصیلدار پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔عنوان۔ فرزانہ بی بی وغیرہ بنام ریحانہ کوثر وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 16/15 کھتونی نمبران 105 تا 107 سالم کھاتہ 55K-12M واقع چک نمبر 678 گ ب تحصیل پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ اخبار اشتہار بنام۔ ریحانہ کوثر دختر طالب حسین، محمد اشرف ولد طالب حسین، فیصل محمود ولد محمد اسلم، سلمیٰ بی بی بیوہ، علی حسن پسر، بلقیس بی بی، نازیہ رانی، شمع رانی، عائشہ بی بی دختران محمد اسلم، خالدہ پروین بیوہ، مشتاق احمد، حفیظ اللہ، ابرار حسین حبیب اللہ پسران، عشرت فاطمہ، رخسانہ کوثر، منزہ بی بی دختران عاشق حسین ساکنان چک نمبر 678 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 09/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

اشتہار تبدیلی نام پاسپورٹ

میں نے اپنا نام شاہزیب سے تبدیل کرکے شاہزیب خالد رکھ لیا ہے اور اسی نام سے اپنا شناختی کارڈ بھی نادرا سے جاری کروالیا ہے لہذا میرا وزارت داخلہ سے جاری کردہ پاسپورٹ ZA5156491 کو منسوخ کر کے میرے نئے نام شاہزیب خالد کے نام سے نیا پاسپورٹ جاری کیا جائے المشتہر شاہزیب خالد ولد خالد حسین ساکن وڈاکخانہ ٹھمکہ تحصیل و ضلع گجرات

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل شورکوٹ

عنوان مقدمہ: محمد حسن بلال وغیرہ بنام احمد مختار وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 756 موضع رستم سرگانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام احمد مختار، آسیہ بی بی بیوہ، زاہد سرفراز، عروج فاطمہ پسران ودختر سرفراز خان۔ گلزار خان، مختار احمد پسران خان بیگ۔ خداداد، خالقداد پسران گلزار۔ علمدار ولد حق نواز۔ امان اللہ، محمد الیاس، اعجاز احمد، عصمت اللہ، شفقت عباس پسران ذوالفقار خان۔ حقنواز خاوند سکینہ بی بی۔ ربنواز، پرویز، شاہد، مجاہد، رخسانہ، فرزانہ، ریحانہ پسران ودختران حق نواز۔ کامران حیدر ولد افتخار حسین جملہ اقوام سیال سرگانہ سکنائے موضع رستم سرگانہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل شورکوٹ

عنوان مقدمہ: محمد حسن بلال وغیرہ بنام احمد مختار وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 756 موضع رستم سرگانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام احمد مختار، آسیہ بی بی بیوہ، زاہد سرفراز، عروج فاطمہ پسران ودختر سرفراز خان۔ گلزار خان، مختار احمد پسران خان بیگ۔ خداداد، خالقداد پسران گلزار۔ علمدار ولد حق نواز۔ امان اللہ، محمد الیاس، اعجاز احمد، عصمت اللہ، شفقت عباس پسران ذوالفقار خان۔ حقنواز خاوند سکینہ بی بی۔ ربنواز، پرویز، شاہد، مجاہد، رخسانہ، فرزانہ، ریحانہ پسران ودختران حق نواز۔ کامران حیدر ولد افتخار حسین جملہ اقوام سیال سرگانہ سکنائے موضع رستم سرگانہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب عنبر گل خاں صاحبہ سول جج درجہ اول اوکاڑہ

دعویٰ۔ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی ۔عنوان مقدمہ ۔ محمد ارشد بنام چیئرمین بلدیہ وغیرہ اشتہار اخبار بنام ۔ چیئرمین بلدیہ /بذریعہ ایڈمنسٹریٹر بلدیہ اوکاڑہ۔ سیکرٹری یونین کونسل 52/2-L اوکاڑہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 08-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔AS

بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ ۔عنوان مقدمہ ۔ مسماۃ مہوش بی بی وغیرہ بنام سالار احمد اشتہار اخبار بنام۔ سالار احمد ولد مشتاق احمد قوم راجپوت بھٹی ساکن 615/K فرید ٹاؤن ساہیوال حال مقیم 34 رفیع گارڈن فیز 1 تحصیل و ضلع ساہیوال۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 13-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔AS

بعدالت جناب میڈم مرضیہ علی صاحبہ فاضل سول جج شیخوپورہ

شہباز احمد بنام اعجاز احمد اعجاز احمد ولد محمد فرید قوم چنگڑ ساکن لدھے کی ملیاں تحصیل و ضلع شیخوپورہ دعویٰ تکمیل معاہدہ مختص معہ حکم امتناعی دوامی ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 12-01-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد یں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح ۔عنوان مقدمہ ۔ انعم اقبال وغیرہ بنام جنید مشتاق اشتہار اخبار بنام۔ جنید مشتاق ولد محمد مشتاق قوم کمبوہ ساکن محلہ اسلام نگر نزد عثمانیہ مسجد تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 12-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔AS

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ ۔عنوان۔ مافیہ بی بی وغیرہ بنام محمد نعمان۔ اخبار اشتہار بنام۔ محمد نعمان ولد محمد رمضان قوم راجپوت ساکن نزد فوڈ ویلی ریسٹورنٹ گلی نمبر 1 محلہ صدیق نگر اوکاڑہ تحصیل و ضلع اوکاڑہ مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعویٰ ہذا میں بتقرر 10/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب / تحصیلدار صاحب حلقہ تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ:

عنوان: تصدیق انتقال وراثت چکنمبر 470 ج ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ: ہر گاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ) متوفیہ حال حشمت بی بی (عبدالکریم پہلے فوت شدہ، فاطمہ پہلے فوت شدہ، سوہنا پہلے فوت شدہ، جبکہ حفیظ فاطمہ پہلے فوت شدہ محمد اسلم پہلے فوت شدہ، محمد مجاہد زندہ، نعیم اختر زندہ، زاہدہ پروین زندہ، طیبہ حفیظ زندہ، عفیفہ زندہ، سندس زندہ، ظاہر کیے گے ہیں۔ ان کیعلاوہ اگر کوئی وارث ہونے کا دعویدار ہو یا کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر 7 سات یوم تحریری طور پر پیش عدالت زیر دستخطی کرے۔ بعد ازاں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب رحمان الٰہی صاحب فاضل سول جج شیخوپورہ

پرویز اختر بنام عبداللہ حبیب وغیرہ عبداللہ حبیب حسن سردار، نصراللہ حبیب، وقاص حبیب، وقار احمد پسران حبیب اللہ قوم کھوکھر ساکنان گلی نمبر 3 نزد جامعہ فاروقیہ فاروقیہ کالونی شیخوپورہ، عمران احمد ولد حافظ افتخار احمد قوم کھوکھر ساکن سٹریٹ نمبر 3 جامعہ فاروقیہ فاروقیہ کالونی شیخوپورہ دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 17-01-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد یں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 724 گ ب تحصیل کمالیہ ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سکندر ولد عنایت قوم جٹ چدھڑ وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں عنایت والد متوفی (پہلے فوت شد) نیامت بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد)، ولا ل زوجہ متوفی (پہلے فوت شد)، منصب علی، ذوالفقار علی پسران متوفی (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی سکندر کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج وتصدیق کردیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 664 گ ب تحصیل کمالیہ ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شاہد مجید خان ولد امتیاز مجید خان قوم افغان بنی اسرائیل وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں امتیاز مجید خان والد متوفی (پہلے فوت شد) عذرا امتیاز مجید والدہ متوفی (پہلے فوت شد)، شاہ جہاں شاہد بیوہ متوفی (بعد فوت شد)، فرقان امتیاز خان، ذیشان امتیاز خان، نعمان امتیاز خان پسران متوفی (زندگان)، اسماء آصف، فرینہ کاشف دختران (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی شاہد مجید خان کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج وتصدیق کردیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل شورکوٹ

عنوان مقدمہ: محمد حسن بلال وغیرہ بنام لیاقت علی وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 755/729 موضع رستم سرگانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام لیاقت علی، محمد منور شاہ، چن پیر، رسولاں بی بی پسران ودختر جعفر علی شاہ قوم قریشی۔ گلزار خان، خداداد خان، خالق داد پسران خان بیگ۔ امان اللہ، محمد الیاس، عصمت اللہ پسران ذوالفقار خان۔ حقنواز خاوند سکینہ بی بی۔ ربنواز، پرویز، شاہد، مجاہد، رخسانہ، فرزانہ، ریحانہ پسران ودختران حق نواز۔ کامران حیدر ولد افتخار حسین جملہ اقوام سیال سرگانہ۔ محمد ناصر، محمد منیر، غلام شبیر، تصور اقبال اقوام جٹ ڈب جملہ سکنائے موضع رستم سرگانہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: آسیہ بی بی بنام غلام عباس ولد غفور احمد قوم مسلم شیخ ساکن چک نمبر 403 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 06-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب سول جج درجہ اول پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔عنوان۔ عابدہ بی بی بنام زاہد عباس۔ دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ اخبار اشتہار بنام۔ زاہد عباس ولد عبداللطیف قوم میمہ موچی ساکن چک نمبر 406 ج ب تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 08/01/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین . عنوان عتیق الرحمن ولد محمد رفیق قوم آرائیں ساکن چک نمبر 674/15 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے درخواست ہذا میں بتقرر 16.01.2025 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت میڈم رابعہ تعریف صاحبہ سول جج درجہ اول گجرات

مقدمہ: مرمہ دعویٰ استقرار حق معہ دادرسی مستلزمہ بعنوان: ناظم حسین بنام آفیسر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن وغیرہ اشتہار بنام شاہد حفیظ ولد حفیظ الدین ساکن مکان نمبر 8 گلی نمبر 62 محلہ مصطفیٰ آباد دھرم پورہ لاہور کینٹ ضلع لاہور ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 05-01-2023 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب جج احمد وقاص صاحب سول جج جڑانوالہ

عنوان:۔ نذیر احمد بنام بشیر احمد اشتہار اخبار بنام بشیر احمد ولد فضل دین ذات راجپوت سکنہ چک نمبر 103 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد۔ دعویٰ:۔ توثیق قبضہ بذریعہ تعمیل مختص، ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 18-01-2024 کو صبح بوقت 09:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں۔ بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج میرے بدستخط وثبت مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب سام اللہ صاحب گارڈین جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: عفت جبیں بنام عوام الناس۔ درخواست اجازت فروختگی جائیداد نابالغان ۔عفت جبیں بیوہ لیاقت علی خان قوم سیال سندا ساکن موضع میرک سیال تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب حلقہ 102 رب ADLR/ جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فاروق احمد (09-09-2021) ولد محمد شریف ساکن چک نمبر 102 ر ب میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں محمد شریف والد، رشیداں بی بی والدہ، عظمیٰ فاروق زوجہ (پہلے فوت شدگان) ذیشان فاروق پسر، انعم فاروق دختر (زندہ) حیات وارثان تصدیق ہوئے۔ اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت اندر معیاد 7 یوم کے بعد دفتر ہذا سے رجوع کریں۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا وراثت تصدیق کردی جائے گی۔

بعدالت جناب طلعت وحید صاحب سول جج شکرگڑھ

حنیفاں بی بی بنام عوام الناس دعویٰ درخواست جانشینی حنیفاں بی بی بیوہ منیر احمد ساکن امرپال تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 6.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب مدثر مقصود صاحب سول جج درجہ اول / گارڈین جج پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔درخواست حصول گارڈین۔ عنوان۔ اکمل خان ولد طفیل محمد قوم راجپوت ساکن چک نمبر 674/15 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 12/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب سائرہ چوہدری صاحبہ سول جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

دعویٰ دلاپانے بعنوان طارق جاوید ولد حافظ عبدالحمید وغیرہ، اخبار اشتہار بنام حافظ عبدالحمید ولد حاجی عبدالغفار ساکن جاوید سٹریٹ نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ، شہباز احمد، ذوالفقار احمد پسران غلام رسول ساکنان جاوید سٹریٹ نارنگ تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ، ہر گاہ دعویٰ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 06-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ (مہر عدالت) (دستخط حاکم)

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: عائشہ بی بی بنام وارث علی ولد بشیر احمد ذات ڈوگر ساکن موضع گڑ تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 10-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری صاحب سول جج درجہ اول/ فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ: حلیمہ بی بی دختر محمد رمضان بنام اقبال حسین ولد محمد بخش ساکن چک نمبر 240 ر ب رڑانہ تحصیل و ضلع فیصل آباد مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 06-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: مسماۃ تاورانی بی بی دختر یحییٰ محمد بنام معظم علی عرف کالی ولد کبیر خاں ساکن چک نمبر 595 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 10-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری صاحب سول جج درجہ اول/ فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ: روباب بی بی دختر غلام رسول بنام اللہ دتہ ولد ظہور احمد ساکن چک نمبر 416 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 06-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 664 گ ب تحصیل کمالیہ ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شاہ جہاں شاہد بیوہ شاہد مجید خان قوم افغان بنی اسرائیل وفات پاچکی ہے۔ جس کے وارثان میں لطیف خان والد متوفیہ (پہلے فوت شد) ثریا خانم والدہ متوفیہ (پہلے فوت شد)، شاہد مجید خان خاوند متوفیہ (پہلے فوت شد)، فرقان امتیاز خان، ذیشان امتیاز خان، نعمان امتیاز خان پسران متوفیہ (زندگان)، اسماء آصف، فرینہ کاشف دختران متوفیہ (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفیہ شاہ جہاں شاہد کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفیہ درج وتصدیق کردیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

محکمہ صحت پنجاب کا رنگ گورا کرنے والی جعلی کریموں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کا فیصلہ

24 معروف کریموں کے نمونے منگوا کر انہیں بھی لیبارٹری بھجوا دیا گیا ہے، وزیر پرائمری ہیلتھ جمال ناصر

لاہور (این این آئی) محکمہ صحت پنجاب نے رنگ گورا کرنے والی جعلی کریموں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ نگران پرائمری وسیکنڈری وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر کا لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پچھلے دنوں مجھے بیشتر افراد کی شکایات آئی، برطانیہ نے بھی 75 پاکستانی بیوٹی کریموں پر بھی پابندی لگا دی ہے۔ نگران وزیر صحت نے کہا کہ راولپنڈی میں بڑے پارلرز اور حجام کی دکانوں پر چھاپے مارے تو ان کے پاس کسی قسم کا سرٹیفکیٹ نہیں ملا، بیشتر بیوٹی پارلرز تو رجسٹر ہی نہیں ہیں۔

ایل ڈبلیو ایم سی کی جانب سے گلبرگ ٹاؤن زون 22 میں زیرو ویسٹ مہم کا آغاز

گلبرگ ٹاؤن زون 22 میں تمام سکولز، مساجد، اور تمام گلی محلوں کو زیرو ویسٹ کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے گلبرگ ٹاؤن زون 22 میں زیرو ویسٹ مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ سی ای او بابر صاحب دین، ڈپٹی سی او محمد اورنگزیب، ڈی جی ایم بلال اشرف کی ہدایات پر ایل ڈبلیو ایم سی گلبرگ ٹاؤن کا عملہ مینیجر سمیعہ خان کے زیر سایہ مہم کی کامیابی کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں۔ گلبرگ ٹاؤن زون 22 میں تمام سکولز، مساجد، اور تمام گلی محلوں کو زیرو ویسٹ کیا جائے گا۔

شاہدرہ کمپلیکس میں اکبری سرائے پر مرمت و بحالی کا کام شروع

تقریباً 32 ملین روپے لاگت سے پروجیکٹ دسمبر 2024ء میں مکمل ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی نے شاہدرہ کمپلیکس میں اکبری سرائے پر مرمت و بحالی کا کام شروع کر دیا۔ یہ کام جنوری 2024ء میں شروع کیا گیا۔ جس کی لاگت تقریباً 32 ملین روپے ہے اور یہ پروجیکٹ دسمبر 2024ء میں مکمل کر دیا جائے گا۔ اکبری سرائے جو کہ مغل بادشاہ اکبر کے دور میں تعمیر کیا گیا۔ جو مسافرین اور حکومتی اہلکاروں کی رہنمائی اور قیام کے لیے مختص تھا۔ پنجاب والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی اس منصوبہ میں درج ذیل کام سرانجام دے گی

تمام پسے ہوئے طبقات کی خوشحالی کے لئے پرعزم، حقیقی معنوں میں تبدیلی لاکر دکھائیں گے

پاکستان کے بغیر ہم کچھ نہیں، ملک ترقی کریگا تو عوام ترقی کرینگے

فیصل آباد / تاندلیانوالہ (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر و حلقہ این اے 97 سے امیدوار ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ تمام پسے ہوئے طبقات کی خوشحالی کے لئے پرعزم ہیں اور عام آدمی کی بہتری اور مسائل کے حل کے لئے انقلابی اقدامات اٹھائیں گے، پاکستان کے بغیر ہم کچھ نہیں، ملک ترقی کرے گا تو عوام ترقی کریں گے، حقیقی معنوں میں تبدیلی لا کر دکھائیں گے،

ابھی تک کورونا کی نئی قسم کا کوئی کیس نہیں آیا، ہم ریڈ الرٹ پر ہیں، وزیر صحت

روزانہ دو نمبر دوائی کیوں بڑھتی جارہی ہے؟، سینیٹر بہرہ مند تنگی نے جعلی ادویات کا معاملہ اٹھا دیا

ڈریپ ایکٹ کی خلاف ورزی پر تین ہزار سے زائد مقدمات، 87 ایف آئی آرز درج کی گئیں، وزارت صحت کا تحریری جواب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر صحت ندیم جان نے سینٹ کو بتایا ہے کہ ابھی تک کورونا کی نئی قسم کا کوئی کیس نہیں آیا، ہم ریڈ الرٹ پر ہیں، ہمارا لیب سسٹم فعال ہے وہ سارے ٹیسٹ کر سکتا ہے۔ جمعہ کو سینٹ میں وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر محسن عزیز نے سوال اٹھایا کہ کیا کورونا کی نئی (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ سے نگران وفاقی وزیر شاہد اشرف تارڑ ملاقات کر رہے ہیں

کشمیر تنازعہ کا حل آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے کے ذریعے ممکن ہے

چیئرمین سینیٹ

مقبوضہ کشمیر کے عوام کی امنگوں کے مطابق اس تنازع کا منصفانہ اور پرامن حل خطے میں پائیدار امن کے لیے بہت اہم ہے

ہم اپنے بھائیوں اور بہنوں کے جائز مقصد حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، صادق سنجرانی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے تنازعہ کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے کے ذریعے ممکن ہے۔ کشمیر کے یوم حق خودارادیت کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ ہم اپنے بھائیوں اور بہنوں کے جائز مقصد حق خود ارادیت کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، مقبوضہ کشمیر کے (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: کیئر ٹیکر فیڈرل منسٹرز کا سیمینار میں شرکت پر گروپ فوٹو

پیپلز پارٹی کے امیدوار مرزا اختیار بیگ کو الیکشن لڑنے کی مشروط اجازت دے دی گئی

کراچی (این این آئی) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 241 سے پیپلز پارٹی کے امیدوار مرزا اختیار بیگ کو الیکشن لڑنے کی مشروط اجازت دے دی گئی۔ الیکشن ٹریبونل میں اس حوالے سے ہونے والی سماعت کے دوران جسٹس عدنان الکریم میمن نے کہا کہ اگر دہری شہریت ختم ہو چکی ہے

سینیٹ میں پاس کی گئی قرارداد جمہوریت کے خلاف سازش ہے، سینیٹر تاج حیدر

قرارداد ایجنڈا میں شامل نہیں تھی، قرارداد کے خلاف سینیٹ قرارداد پیش کر کے اس قرارداد کو رد کروایا جائے گا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر تاج حیدر نے سینیٹ میں انتخابات کے التواء کی پیش گئی قرارداد کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینیٹ میں پاس کی گئی قرارداد جمہوریت کے خلاف سازش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قرارداد کی صورت میں اسرائیل کی طرح سینیٹ پر بم گرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ نے آج سازشی کردار ادا کر کے سینیٹ کو سازش کا گھڑ بنا دیا ہے۔

راولپنڈی: گیس لیکیج کا دھماکا، 3 افراد جھلس گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے روات میں گھر میں گیس لیکیج سے دھماکا ہونے کے نتیجے میں 2 خواتین سمیت 3 افراد جھلس کر شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق گیس لیکیج کے دھماکے کے بعد گھر میں آگ لگ گئی تھی جس سے گھریلو سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔

لاہور: محمد علی رندھاوا کا ہسپتال میں رای ویمپنگ کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور میں ای چالان نادہندہ گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ، 17 ٹیمیں تشکیل

لاہور (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس لاہور نے ای چالان نادہندہ گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے 17 ٹیمیں تشکیل دے دیں۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے عادی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا حکم دیا۔

10 سے 11 جنوری کو وفاقی دارالحکومت میں گلوبل ہیلتھ سکیورٹی سمٹ منعقد ہوگی

گلوبل ہیلتھ سکیورٹی سمٹ میں وبائی امراض سے نمٹنے کے لیے ایک مربوط حکمت عملی تشکیل دی جائے گی، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ پاکستان میں منعقد ہونے والی آئندہ گلوبل ہیلتھ سکیورٹی سمٹ میں وبائی امراض سے نمٹنے کیلئے ایک مربوط حکمت عملی تشکیل دی جائے گی۔ جمعرات کو نگران وفاقی وزیر برائے صحت ڈاکٹر ندیم جان نے میڈیا بریفنگ میں کہا کہ یہ سربراہی اجلاس متعلقہ شعبے کے بین الاقوامی اور قومی ماہرین کو جمع کر کے ایک محفوظ دنیا کیلئے مہارت اور علم کے تبادلے کے ذریعے سیکھنے کا بہترین موقع ثابت ہوگا۔

ایوان بالا میں الیکشن کے التواء کی قرارداد میں دلائل دینے کا موقع نہیں ملا، مرتضیٰ سولنگی

آئین کے آرٹیکل 218(3) کے تحت الیکشن کرانا، الیکشن کی تاریخ دینا یا تبدیل کرنا الیکشن کمیشن کا اختیار ہے، نگران وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ ایوان بالا میں الیکشن کے التواء کی قرارداد میں دلائل دینے کا موقع نہیں ملا، آئین کے آرٹیکل 218(3) کے تحت الیکشن کرانا، الیکشن کی تاریخ دینا یا تبدیل کرنا الیکشن کمیشن کا اختیار ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ ایوان بالا میں الیکشن کے التواء کی قرارداد میں دلائل دینے کا موقع نہیں ملا

اسٹیٹ یوتھ اسمبلی اسلام آباد کے 27 رکنی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا تدریسی دورہ، تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری دکھائی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ یوتھ اسمبلی اسلام آباد کے 27 رکنی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ سینیٹ حکام نے وفد کو ایوان بالا کے کام کے طریقہ کار، قانون سازی، فنکشنز اور سینیٹ اجلاس کی کاروائی سے متعلق مفصل بریفنگ دی۔

سیکرٹری داخلہ سے پاکستان ایسوسی ایشن آف ٹور آپریٹرز کے وفد کی ملاقات

سیاحت کے فروغ کے حوالے سے تجاویز اور اپنے مسائل پیش کئے

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری داخلہ سے پاکستان ایسوسی ایشن آف ٹور آپریٹرز کے وفد نے ملاقات کی جس میں وفد نے سیاحت کے فروغ کے حوالے سے تجاویز اور اپنے مسائل پیش کئے، ملاقات میں سیاحتی ویزا کے طریقہ کار کو مزید سہل اور تیز بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ سیکریٹری داخلہ نے سیاحت کے فروغ میں ہر ممکن کردار ادا کرنے کا اعادہ اور مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق سیاحت کا فروغ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

موجودہ حالات میں سیاست میں رواداری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، سالک حسین

کارکنان اپنے علاقوں میں سیاسی سرگرمیاں تیز کردیں، قیادت کا پیغام عوام تک پہنچائیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے سینئر رہنما وسابق وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ کارکنان ہمارا سرمایہ ہیں، کارکنان اپنے اپنے علاقوں میں سیاسی سرگرمیاں تیز کردیں اور پاکستان مسلم لیگ کی قیادت کا پیغام عوام تک پہنچائیں، ہم اپنی کارکردگی کی بنیاد پر انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں اور ان شا اللہ کامیابی حاصل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان اور محسن بھٹی سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

آج پاکستان کو وزیراعظم کی نہیں ایک لیڈر کی ضرورت ہے جو کہ بلاول بھٹو ہیں، چوہدری عبدالغفور

نفرت کی نہیں، رواداری، براشت کی سیاست کے ذریعے ملک وقوم کی ترقی چاہتے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی کی گفتگو

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما وسابق صوبائی وزیر چوہدری عبدالغفور نے کہا ہے کہ آج پاکستان کو وزیراعظم کی نہیں بلکہ ایک لیڈر کی ضرورت ہے جو کہ بلاول بھٹو ہیں، عوام جانتی ہے کہ ملک میں جاری تاریخی مہنگائی، بیروزگاری اور غربت کا مقابلہ اگر کوئی جماعت کرسکتی ہے تو وہ صرف اور صرف پاکستان پیپلز پارٹی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ لیڈر اور بزنس مین میں فرق ہوتا ہے، شہید بے نظیر نے قوم کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا

آج قوم کے پاس نواز شریف کی صورت میں امید کی کرن موجود ہے، ملک افضل کھوکھر

انشاءاللہ وزیراعظم نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کا مستقبل روشن، پروقار اور شاندار ہوگا، گفتگو

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، امیدوار حلقہ این اے 125 ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ آج قوم کے پاس نواز شریف کی صورت میں امید کی کرن موجود ہے، انشاءاللہ وزیراعظم نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کا مستقبل روشن، میرپروقار اور شاندار ہوگا۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک اور معیشت کے ساتھ کھیلنے والوں کو حساب دینا ہوگا۔ عوام کی طرف سے یہ فتنے مسترد ہو چکے ہیں ان کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی

نبی کریم ﷺ سے عشق ومحبت میں صدیق اکبر اپنی مثال آپ ہیں، سنی علما کونسل

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اسلام کیلئے ایسی خدمات ہیں جن پر تاریخ ہمیشہ فخر کرتی رہے گی

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ سے عشق و محبت میں صدیق اکبر اپنی مثال آپ ہیں، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اسلام کیلئے ایسی خدمات ہیں جن پر تاریخ ہمیشہ فخر کرتی رہے گی، صدیق اکبر انتہائی زیرک اور حوصلہ مند، شجاعت کا پیکر، معاملہ فہمی کا مرقع تھے، سیدنا صدیق اکبر کی یوم وفات پر ملک بھر میں سرکاری چھٹی کا اعلان کیا جائے۔

لاہور: چیمبر آف کامرس کے صدر کاشف انور، راؤ عبدالکریم کو سووینیر پیش کر رہے ہیں

فیصل آباد، فیکٹری میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے محنت کش زندگی کی بازی ہار گیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد فیکٹری میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے محنت کش زندگی کی بازی ہار گیا، پولیس نے فیکٹری مالک اور ایڈمن منیجر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق 152 رب کے رہائشی جاوید اقبال کا کہنا ہے

برطانوی بادشاہ نے رضوان جاوید کو ممبر آف دی آرڈر آف دی برٹش امپائر

بادشاہ کی جانب سے ایم بی ای بنانے کا خط ملا تو میری والدہ مجھ سے بھی زیادہ خوش تھیں، رضوان جاوید

لندن (این این آئی) برطانیہ کے بادشاہ چارلس نے رضوان جاوید کو ممبر آف دی آرڈر آف دی برٹش امپائر بنا دیا۔ رضوان جاوید کو یہ اعزاز ریل اسٹیشنوں پر خودکشی کی نیت سے آئے 29 افراد کی جان بچانے پر دیا گیا ہے۔ رضوان جاوید نے کہا کہ بادشاہ کی جانب سے ایم بی ای بنانے کا خط ملا تو میری والدہ مجھ سے بھی زیادہ خوش تھیں۔ مشرقی لندن میں رہنے والے رضوان جاوید ایلزبتھ لائن کیلئے ایلنگ براڈوے اسٹیشن پر تعینات ہیں۔

فیصل آباد، نامعلوم چوروں کا گروہ ساہیانوالہ کے علاقہ 42 ج ب اڈا میں دو سویٹ شاپس کے تالے توڑ کر 5 من مٹھائیاں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد نامعلوم چوروں کا گروہ ساہیانوالہ کے علاقہ 42 ج ب اڈا میں دو سویٹ شاپس کے تالے توڑ کر 5 من مٹھائیاں، نقدی اور دیگر سامان لے اڑا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کردی

تاندلیانوالہ: ہمایوں اختر خان کی انتخابی مہم کے دوران معززین علاقہ سے ملاقاتیں

DIVISIONAL SPORTS OFFICE LAHORE
Talent Hunt-U-16
SPORTS PROGRAM
Lahore Division Inter Dist

لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام اندر 16 انٹر ڈویژن ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ میچ کا منظر

انتخابات ملتوی کرنے کی قرارداد منظوری کے بعد اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ اجلاس میں 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات ملتوی کرنے کی قرارداد منظور ہونے کے فوری بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مارکیٹ مثبت کے بعد منفی میں تبدیلی ہوگئی اور بینچ مارک کے ایس ای-100 انڈیکس میں 809 پوائنٹس تنزلی ہوئی۔

نیلم جہلم ہائیڈل پاور سٹیشن کی ٹیل ریس ٹنل کی لو فلو سیزن میں انسپکشن

دریاؤں میں پانی انتہائی کم ہونے کی وجہ سے لو فلو سیزن پن بجلی گھروں کی انسپکشن کیلئے موزوں ترین ہے

لاہور (این این آئی) نیلم جہلم ہائیڈل پاور سٹیشن ساڑھے 3 کلومیٹر طویل ٹیل ریس ٹنل کی انسپکشن کیلئے 10 جنوری سے بند کیا جا رہا ہے۔ ٹنل کی انسپکشن لو فلو سیزن میں کی جا رہی ہے، تاکہ بجلی کی مجموعی پیداوار کم سے کم متاثر ہو۔ لو فلو سیزن کے دوران دریاؤں میں پانی کی مقدار انتہائی کم ہوتی ہے اور اسی لئے ہائیڈل پاور سٹیشن کی انسپکشن کے لئے لو فلو سیزن موزوں ترین خیال کیا جاتا ہے اور بیشتر ہائیڈل پاور سٹیشن کی انسپکشن لو فلو سیزن میں ہی کی جاتی ہے۔

سرگودھا ڈویژن نے 2023ء کے دوران مجموعی طور پر 238 مقدمات کا فیصلہ سنا دیا

مکوآنہ (این این آئی) سپیشل جج سینٹرل اینٹی کرپشن وایف آئی اے فیصل آباد، سرگودھا ڈویژن نے گزشتہ برس 2023ء کے دوران مجموعی طور پر 238 مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزمان کو ایک کروڑ کی رقم ریکور کر کے قومی خزانہ میں جمع کروائی۔

نایاب کچھوؤں کو پکڑنے اور تیتر کے غیر قانونی شکار میں ملوث 09 شکاری گرفتار

پکڑے گئے دونوں کچھوے قدرتی ماحول میں آزاد، تمام شکاریوں کو بھاری جرمانے

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر وحید ملک کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الٰہی کی زیر قیادت صوبہ میں جنگلی حیات کے تحفظ و فروغ کیلئے بھرپور کارروائیاں کر رہا ہے اور ایسی ہی متعدد کارروائیوں کے نتیجے میں صوبہ کے اضلاع بہاولنگر اور چکوال سے نایاب کچھوؤں کو پکڑنے اور تیتر کے ناجائز شکار میں ملوث نو شکاریوں کو گرفتار کر کے دو لاکھ پانچ ہزار روپے جرمانہ کر کے کچھوے قدرتی ماحول میں آزاد کر دیئے گئے۔

گیریژن یونیورسٹی میں قائم ڈرائیونگ سکول کے پہلے بیچ میں سرٹیفکیٹ تقسیم

تقریب میں ایس ایس پی ہیڈکوارٹرز سید غضنفر علی شاہ، وائس چانسلر میجر جنرل خلیل ڈار کی خصوصی شرکت

لاہور (این این آئی) گیریژن یونیورسٹی میں قائم ڈرائیونگ سکول کے پہلے بیچ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر دیئے گئے۔ تقریب میں ایس ایس پی ہیڈکوارٹرز سید غضنفر علی شاہ اور وائس چانسلر میجر جنرل خلیل ڈار نے خصوصی شرکت کی۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق 25 طلبا و طالبات نے پہلے ڈرائیونگ کورس میں تربیت حاصل کی، کورس پورا ہونے پر طلبا وطالبات کو ڈرائیونگ سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے

لاہور پولیس قانون شکن اور سماج دشمن عناصر کے خلاف سرگرم

202 میں بجلی چوری کے 25050 مقدمات درج 18347 ملزمان گرفتار، گداگری کے 604 مقدمات درج

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے سال 2023 میں قانون شکن اور سماج دشمن عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف 25050 مقدمات درج کر کے 18347 ملزمان کو گرفتار کیا ہے جبکہ گداگری کے 6047 مقدمات درج کر کے 1524 افراد گرفتار کئے گئے ہیں۔ یہ بات کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ نے آج یہاں جاری اپنے بیان میں کہی۔

نشہ کرنے سے منع کرنے پر فائرنگ کر کے باپ کو زخمی کرنے والا بیٹا گرفتار

گرفتار ملزم عرفان نشہ کا عادی تھا اور منع کرنے پر فائرنگ کر کے باپ کو زخمی کر دیا اور موقع واردات سے فرار ہو گیا تھا

لاہور (این این آئی) مانگا منڈی میں باپ کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے والے بیٹے کو گرفتار کر لیا گیا، انویسٹی گیشن پولیس مانگا منڈی نے ملزم عرفان کو گرفتار کر کے آلہ اقدام قتل پسٹل برآمد کر لیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن عمران کشور نے واقعہ کا نوٹس لیا تھا اور پولیس ٹیم کو فوری ملزم کی گرفتاری کا ٹاسک دیا۔ گرفتار ملزم عرفان نشہ کا عادی تھا اور منع کرنے پر فائرنگ کر کے باپ کو زخمی کر دیا اور موقع واردات سے فرار ہو گیا تھا۔

امریکی محکمہ خارجہ کی سالانہ مذہبی آزادی کی رپورٹ، پاکستان خاص تشویش والے ممالک میں شامل

روس، چین، ایران، سعودی عرب، الجزائر، آذربائیجان، وسطی افریقی، کوموروس اور ویتنام بھی خصوصی واچ لسٹ میں نامزد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کی سالانہ مذہبی آزادی کی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ امریکی محکمہ خارجہ کی سالانہ مذہبی آزادی کی رپورٹ میں پاکستان 'خاص تشویش' والے ممالک کی فہرست میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ روس، چین، ایران، سعودی عرب، الجزائر، آذربائیجان، وسطی افریقی، کوموروس اور ویتنام بھی خصوصی واچ لسٹ میں نامزد ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ انتونی بلنکن کے مطابق حکومتوں کو مذہبی اقلیتی برادریوں کے ارکان اور ان کی عبادت گاہوں پر حملے کو ختم کرنا چاہیے۔

مانگا منڈی: مچھلی بازار میں شہری مچھلی خریدنے میں مصروف ہیں

داتا دربار، پناہ گاہ کے قریب سے 30 سالہ شخص کی لاش برآمد

لاہور (این این آئی) داتا دربار، پناہ گاہ کے قریب سے 30 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق 30 سالہ شخص نشے کا عادی تھا اور سردی کی شدت کے باعث جاں بحق ہوا، پولیس کی ضروری کاروائی کے بعد ایدھی رضا کاروں نے لاش مردہ خانہ منتقل کردی۔

پنجاب حکومت نے ابتدائی طور پر 16 اضلاع میں پنشن کا نظام آن لائن کر دیا

پہلے مرحلے میں 16 ضلع میں محکمہ ایجوکیشن کے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن آن لائن کی گئی ہے

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب حکومت نے ابتدائی طور پر 16 اضلاع میں پنشن کا نظام آن لائن کر دیا ہے، پہلے مرحلے میں سولہ ضلع میں محکمہ ایجوکیشن کے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن آن لائن کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کے جن اضلاع میں پنشن آن لائن کی گئی ہے ان میں نارووال، اٹک، گوجرانوالہ، حافظ آباد، فیصل آباد، جھنگ، گجرات، راجن پور، رحیم یار خان، بہاولپور، منڈی بہاؤالدین، ملتان، ٹوبہ ٹیک سنگھ، مظفرگڑھ، ڈیرہ غازی خان، لیہ کے نام شامل ہیں۔

حکومت پنجاب کی وویمن امپاورمنٹ کیلئے جاری کردہ ہدایات پر من وعن عمل کیا جائے۔ ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) عمر شیر چٹھہ

مکوآنہ (این این آئی) محکمہ زراعت پنجاب خواتین ملازمین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام کر رہا ہے۔ اس ضمن میں حکومت پنجاب کی وویمن امپاورمنٹ کے لئے جاری کردہ ہدایات پر من وعن عمل کیا جائے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

لاہور: شیخ روحیل اصغر کا یونین کونسل 142 میں کارنر میٹنگ کے موقع پر گروپ فوٹو

نارووال، گردونواح میں بجلی کی بدترین غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری

نارووال (این این آئی) نارووال اور گردونواح میں بجلی کی بدترین غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس نے ہر قسم کا کاروباری اور گھریلو نظام شدید متاثر کر رکھا ہے۔ جس کے باعث عوام سراپا احتجاج بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق نارووال اور گردونواح میں مسلسل بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے

نارووال، سوئی گیس کم پریشر سے گھروں میں کھانے پکانے میں مشکلات کا سامنا، عوام سراپا احتجاج

نارووال (این این آئی) سوئی گیس کم پریشر سے گھروں میں کھانے پکانے میں مشکلات کا سامنا، عوام سراپا احتجاج، سردی کی شدت جون جون بڑھتی جا رہی ہے نارووال شہر میں سوئی گیس پریشر خاص کر کھانے پکانے کے تینوں اوقات میں کم سے کم ہوتا جا رہا ہے ایل پی جی سلنڈر بھی عوام کی پہنچ سے دور ہوتا جا رہا ہے

5 JANUARY
5 جنوری
یوم حق خودارادیت
حق خودارادیت ...... کشمیریوں کا حق
اقوام متحدہ! کشمیریوں کیلئے منظور کردہ قراردادوں پر عملدرآمد کروائے

لاہور: یوتھ فار کشمیر کے زیر اہتمام اظہار یکجہتی کے لیے پریس کلب کے باہر مظاہرہ کیا گیا

خواتین میں چھاتی کا سرطان صرف پاکستان ہی نہیں دنیا بھر کا بڑھتا ہوا سنجیدہ مسئلہ ہے، پروفیسر الفرید ظفر

اس عظیم مقصد کیلئے فنڈ ریزنگ بلاشبہ کم وسائل رکھنے والی خواتین کی زندگیاں بچانے میں معاون ثابت ہوگی

مکوآنہ (این این آئی) خواتین میں چھاتی کا سرطان صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کا بڑھتا ہوا سنجیدہ مسئلہ ہے، بین الاقوامی سیاحت کے ذریعے بریسٹ کینسر کے بارے میں آگہی اور شعور بیدار کرنا انتہائی خوش آئند امر ہے، برطانیہ سے آنے والے کارواں کے پلیٹ فارم سے اس عظیم مقصد کیلئے فنڈ ریزنگ بلاشبہ کم وسائل رکھنے والی خواتین کی زندگیاں بچانے میں معاون ثابت ہوگی۔

ٹریفک پولیس اہلکاروں نے رشوت لینے کا طریقہ تبدیل کر دیا

آن لائن چالان پے کی مد میں روزانہ کی بنیاد پر سرکار کو ہزاروں روپے کا چونا لگایا جانے لگا

مکوآنہ (این این آئی) ٹریفک پولیس اہلکاروں نے رشوت لینے کا طریقہ تبدیل کر دیا، ٹریفک پولیس اہلکاروں نے آن لائن ٹریفک چالان کو بھی کمائی کا ذریعہ بنا لیا، آن لائن چالان پے کی مد میں روزانہ کی بنیاد پر سرکار کو ہزاروں روپے کا چونا لگایا جانے لگا، ضلعی انتظامیہ اور حکومت کی جانب سے دیئے گئے ٹارگٹ کو پورا کرنے کے بعد ٹریفک پولیس اہلکار نوجوانوں سمیت غریب بینڈ و شہریوں کو تھانہ کا ڈرا دھمکا کر آن لائن چالان فیس اپنے جیبوں میں ڈالنے لگے،

پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد ڈویژن نے سال 2023ء کی کارکردگی رپورٹ جاری

سال بھر میں 99 ہزار سے زائد فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی، ناقص خوراک تیار کرنے پر 412 یونٹس بند کیے 127 مقدمات درج

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد ڈویژن نے سال 2023ء کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی ہے۔ سال بھر میں 99 ہزار سے زائد فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی، ناقص خوراک تیار کرنے پر 412 یونٹس بند کیے

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں برفباری، سردی میں

موسمیات کے مطابق کوئٹہ، خاران، زیارت، کواس، چینہ، زڑگی میں برفباری جبکہ نوشکی میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں برفباری کے بعد سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ، خاران، زیارت، کواس، چینہ، زڑگی میں برفباری جبکہ نوشکی

بلوچستان میں خواتین کی شرح خواندگی سب سے کم، تفصیلات سینٹ میں پیش

وزارت تعلیم کے مطابق پاکستان میں شرح خواندگی 62.8 فیصد ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں 10 سال اور زائد عمر افراد کی شرح خواندگی کی تفصیلات سینیٹ میں پیش کر دی گئیں۔ وزارت تعلیم نے خواندگی سے متعلق معاشی سروے 2022/23 کا تحریری جواب ایوان میں پیش کیا ہے۔

سندھ میں کورونا وائرس کی نئی قسم جے این ون کی علامات سامنے آگئیں

اب تک دو مسافروں میں مشتبہ علامات پائی گئی ہیں، دونوں مریضوں کو گھر میں قرنطینہ کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ میں کورونا وائرس کی نئی قسم جے این ون کی علامات سامنے آگئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کورونا کی علامات بیرون ملک سے آنے والے دو مسافروں میں پائی گئی ہیں، محکمہ صحت سندھ نے نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کی ایڈوائزری کے مطابق ہیلتھ الرٹ بھی جاری کر دیا۔

فیصل آباد، گاجر کی کھیلیوں پر مشینی کاشت کے لئے جدید ترین ٹیکنالوجی متعارف

کاشتکار کی فی ایکڑ آمدنی کو 5 لاکھ روپے تک بڑھایا جا سکتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین زراعت نے گاجر کی کھیلیوں پر مشینی کاشت کے لئے جدید ترین ٹیکنالوجی متعارف کروائی ہے، جس کے ذریعے پیداوار میں 10 گنا تک اضافہ ممکن بناتے ہوئے کاشتکار کی فی ایکڑ آمدنی کو 5 لاکھ روپے تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے واٹر مینجمنٹ ریسرچ سنٹر کے ماہرین نے گاجر کی مشینی کاشت کے لئے کثیر المقاصد ڈرل کے ذریعے فی ایکڑ صرف 3 سے 4 کلوگرام بیج سے 250 من پیداوار کا حصول ممکن بنا دیا جو لائق تحسین ہیں

فیسکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے کوشاں

مکوآنہ (این این آئی) فیسکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے کوشاں ہے فیسکو کی جانب سے خطیر رقم سے دفاتر اور گرڈ سٹیشنوں کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے تاکہ صارفین کو دور دراز دفاتر کا سفر نہ کرنا پڑے

پاکستان کی چین کو تانبے کی برآمدات ایک ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں

پاکستانی حکومت چین کو تانبے اور اس سے منسلک مصنوعات کی برآمدات کو فروغ دینے کی خواہاں ہے

بیجنگ (این این آئی) حالیہ برسوں میں پاکستان سے تانبے اور اس کی اشیا کی برآمدات میں 2023 کے پہلے گیارہ ماہ میں 9 فیصد اضافہ دیکھا گیا جس کے بعد پاکستان کی چین کو تانبے کی برآمدات ایک ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان کی وزارت تجارت کے ذرائع نے چائنا اکنامک نیٹ سے کیا۔ بیجنگ میں پاکستانی سفارت خانے کے کمرشل قونصلر غلام قادر نے سی ای این کو بتایا کہ پاکستانی حکومت چین کو تانبے اور اس سے منسلک مصنوعات کی برآمدات کو فروغ دینے کی خواہاں ہے

سرگودھا میں مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران قتل واقدام قتل میں ملوث ملزم ہلاک اور اس کا ساتھی فرار ہو گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران قتل واقدام قتل میں ملوث ملزم ہلاک اور اس کا ساتھی فرار ہو گیا۔ پولیس نعش کو ہسپتال منتقل کر کے فرار ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

یوریا اور ڈی اے پی کھاد کی کھپت میں دسمبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر کمی

دسمبر 2022 میں ملک میں 833000 ٹن یوریا کی کھپ ریکارڈ کی گئی تھی

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں یوریا اور ڈی اے پی کھاد کی کھپت میں دسمبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ انڈسٹری اور عارف حبیب ریسرچ کے اعداد و شمار کے مطابق دسمبر 2023 میں ملک میں 628000 ٹن یوریا کی کھپت ریکارڈ کی گئی جو دسمبر 2022 کے مقابلہ میں 25 فیصد کم ہے۔ دسمبر 2022 میں ملک میں 833000 ٹن یوریا کی کھپ ریکارڈ کی گئی تھی۔

توانائی کی کمی دور کرنے کیلئے ہائیڈل کیساتھ بائیو، شمسی، ہوا

کوڑے سے بجلی پیدا کرنے کی جانب توجہ مبذول کرنا ہوگی، ترجمان پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی

مکوآنہ (این این آئی) سستی بجلی پیدا، توانائی کی کمی دور اور آئے روز فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے نجات کیلئے ہائیڈل کے ساتھ بائیو، شمسی، ہوا، زرعی اور شہری کوڑے سے بجلی پیدا کرنے کی جانب توجہ مبذول کرنا ہوگی جبکہ بجلی کے گردشی قرضوں سے نجات کیلئے بھی فوری اقدامات اٹھانا ہوں گے۔ پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا کہ جونہی بجلی، گیس، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتی ہیں

فیصل آباد وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی سابق صدر محترمہ قرۃ العین کو نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد ارشد اور نائب صدر حاجی محمد اسلم بھلی نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے حالیہ انتخابات میں فیصل آباد وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی سابق صدر محترمہ قرۃ العین کو نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

پتوکی جھونپڑی میں لیجا کر اوباش ملزم کی شادی شدہ لڑکی سے زیادتی، دوسرا ملزم پہرا دیتا رہا

پتوکی (این این آئی) پتوکی جھونپڑی میں لیجا کر اوباش ملزم کی شادی شدہ لڑکی سے زیادتی دوسرا ملزم پہرا دیتا رہا پولیس نے ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کاروائی شروع کر دی۔ تھانہ صدر پتوکی کے علاقہ چک نمبر 38 کی رہائشی ثناء بی بی کی ہمشیرہ صدرہ بی بی کو کزن ندیم نے اپنے ایک کس ساتھی ملزم سے ملکر درخواست پر اوباش ملزم ندیم سمیت دو کس کیخلاف مقدمہ درج کر لیا

زر وسیع میں گزشتہ ہفتے کے دوران ہفتہ وار بنیادوں پر 0.2 فیصد اضافہ

سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 23 دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں زر وسیع (ایم ٹو) کا حجم 32216 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) زر وسیع میں گزشتہ ہفتے کے دوران ہفتہ وار بنیادوں پر 0.2 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 23 دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں زر وسیع (ایم ٹو) کا حجم 32216 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا

لاہور: لوڈر رکشے میں سامان کے اوپر لڑکا بیٹھا ہے جو کسی بھی حادثے کا شکار ہو سکتا ہے

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ریسرچرز نے سپر فوڈ قینوا کی نئی ورائٹی تیار کر لی

مکوآنہ (این این آئی) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ریسرچرز نے سپر فوڈ قینوا کی نئی ورائٹی تیار کر لی۔ ریسرچر ڈاکٹر عرفان افضل اور ان کی ٹیم نے قینوا کی نئی ورائٹی پر کام کیا۔ ڈاکٹر عرفان افضل کا کہنا تھا قینوا کی نئی ورائٹی کا بیج اور پیداوار موجودہ ورائٹی سے بہت بہتر ہوگی

اسلام آباد میں پاک چین ای وی تربیتی سیشن کا انعقاد

اس کا مقصد الیکٹرک وہیکل ٹیکنالوجی میں علم کے خلا کو پر کرنا اور ماحول دوست نقل وحمل کے حل کو اپنانے کو فروغ دینا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں پاک چین ای وی تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، اس کا مقصد الیکٹرک وہیکل ٹیکنالوجی میں علم کے خلا کو پر کرنا اور ماحول دوست نقل وحمل کے حل کو اپنانے کو فروغ دینا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان اور چین کی جوائنٹ وینچر کمپنی پاک چائنا ہوازی گرین انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے نیشنل سکلز یونیورسٹی (این ایس یو) ایچ 8، اسلام آباد کے ساتھ الیکٹرک وہیکل (ای وی) تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔

لاہور: بزرگ خاتون اپنے خاندان کی کفالت کے لیے دانے فروخت کر رہی ہیں

لاہور: محنت کش آٹے کے وزنی تھیلے کندھے پر اٹھا کر لے جا رہا ہے

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر-0320-1420226